★★پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | 14 ذیقعد 1446ھ، 12 مئی 2025ء، 29 بیساکھ 2082ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 184

پاکستان اور بھارت کے ساتھ مل کر مسئلہ کشمیر کا حل نکالوں گا، ٹرمپ

پاکستان اور بھارت کے ساتھ تجارت میں کافی حد تک اضافہ کروں گا، امریکی صدر

کشیدگی کم کرنے میں امریکا کا کردار ادا کرنے پر پاکستان اور بھارت کا شکریہ



واشنگٹن (نیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ پاکستان اور بھارت کے ساتھ مل کر کام کریں گے تاکہ یہ دیکھا جاسکے کہ کیا ہزاروں سال سے جاری مسئلہ کشمیر کا کوئی حل نکالا جاسکتا ہے۔ اپنے حالیہ بیان میں ٹرمپ نے کہا کہ پاکستان اور بھارت کے ساتھ مل کر کام کریں گے تاکہ یہ دیکھا جاسکے کہ کیا ہزاروں سال سے جاری مسئلہ کشمیر کا کوئی حل نکالا جاسکتا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ پاکستان اور بھارت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

ٹرمپ انتظامیہ نے معاہدے کا مسودہ تیار کرنے میں کوئی کردار ادا نہیں کیا ہے، امریکی صحافی آلیانہ ٹربنی

واشنگٹن (این این آئی) وائٹ ہاؤس کوور کرنے والی امریکی ٹی وی کی صحافی آلیانہ ٹربنی نے اپنی رپورٹ میں انکشاف کیا ہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

پاکستان، چین، افغانستان کے درمیان سہ فریقی مذاکرات کا پہلا اجلاس

اجلاس میں اقتصادی و سیکیورٹی تعاون اور علاقائی استحکام پر اتفاق کیا گیا، ذرائع

کابل (این این آئی) پاکستان، چین اور افغانستان کے درمیان سہ فریقی مذاکرات کا کابل میں پہلا اجلاس ہوا۔ اجلاس میں اقتصادی و سیکیورٹی تعاون اور علاقائی استحکام پر اتفاق کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق نمائندہ خصوصی افغانستان محمد صادق نے چینی نمائندے کے ہمراہ افغان وزیر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

آپریشن ''بنیان مرصوص'' کی کامیابی کی خوشی میں ملک بھر میں دوسرے روز بھی جشن

پاک افواج کے حق میں نعرے، سیاسی و مذہبی جماعتوں، تنظیموں کی جانب سے اظہار تشکر ریلیاں، مٹھائیاں تقسیم کی گئیں، ڈھول کی تھاپ پر بھنگڑے

لاہور (این این آئی) آپریشن ''بنیان مرصوص'' کی کامیابی کی خوشی میں ملک بھر میں دوسرے روز بھی جشن منانے کا سلسلہ جاری رہا، سیاسی و مذہبی جماعتوں اور تنظیموں کی جانب سے اظہار تشکر ریلیاں نکالی گئیں، مٹھائیاں تقسیم کی گئیں، شکرانہ و محفل کی تقاریب منعقد کی گئیں اور ڈھول کی تھاپ پر بھنگڑے ڈالتے ہوئے پاکستان زندہ باد اور پاک افواج زندہ باد کے نعرے لگائے گئے۔ تقسیمات کے مطابق وزیر اعظم شہباز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

مرید کے (این این آئی) وفاقی وزیر رانا تنویر حسین کا وفاقی پارلیمانی سیکرٹری رانا احمد عتیق اور دیگر کے ہمراہ بھارتی حملے سے متاثرہ مسجد ام القریٰ منگلا کا دورہ، رانا تنویر حسین نے حملے میں شہید مولانا عبدالمالک کے بیٹے اور بھائی سے بھی ملاقات کی

وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے انصاف کے تقاضے پورے ہونے کی یقین دہانی پر امریکی تالتی کو قبول کیا

وفاقی وزیر رانا تنویر حسین کا وفاقی پارلیمانی سیکرٹری رانا احمد عتیق اور دیگر کے ہمراہ بھارتی حملے سے متاثرہ مسجد ام القریٰ منگلا کے دورہ، شہداء کے لواحقین سے اظہار تعزیت

مودی امریکہ کے پاؤں پڑا کہ ٹالئی کراؤ، جب میز پر بیٹھیں گے تو سندھ طاس معاہدہ اور بلوچستان میں ہونے والے دہشت گردی کے واقعات کے ثبوت امریکہ کے سامنے رکھیں گے: رانا تنویر

خنویر حسین نے کہا کہ صدر مودی امریکہ کے پاؤں پڑا کہ ٹالئی کراؤ، جب میز پر بیٹھیں گے تو سندھ طاس معاہدہ اور بلوچستان میں ہونے والے دہشت گردی کے واقعات کے ثبوت امریکہ کے سامنے رکھیں گے: رانا تنویر کے اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر رانا حسین نے حملے میں شہید ہونے والے افراد کے لواحقین سے اظہار تعزیت کیا اور فاتحہ خوانی کی۔ رانا تنویر حسین نے حملے میں شہید ہونے والے افراد کے لواحقین سے اظہار تعزیت کیا اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر رانا حسین نے وفاقی پارلیمانی سیکرٹری رانا احمد عتیق اور ان

امریکی صدر ٹرمپ کی شکل میں پاکستان کو شراکت دار مل گیا، وزیر اعظم

عالمی امن کے لئے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی فیصلہ ساز قیادت پر ان کا مشکور ہوں، جنوبی ایشیا میں امن کے قیام کے لئے صدر ٹرمپ کی کاوشیں لائق تحسین ہیں، پاکستان اور امریکہ عشروں سے ایک دوسرے کے حلیف ہیں

پاکستان اور امریکہ نے مشترکہ مفادات کے تحفظ اور وسعت کے لئے مل کر کام کیا، امریکی صدر ٹرمپ کی شکل میں پاکستان کو ایک بہترین شراکت دار ملا ہے: سماجی رابطے کی ویب سائٹ ''ایکس'' پر اظہار خیال



ماسکو: چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی کا روس پہنچنے پر استقبال کیا جارہا ہے

وزیر اعلیٰ مریم نواز کا وزیر اعظم کے یوم تشکر منانے کے فیصلے کا خیر مقدم

یہ دن صرف شکر گزاری کا نہیں بلکہ غیرت، جرات، اور قومی وحدت کی فتح کا دن ہے

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے وزیر اعظم شہباز شریف کے یوم تشکر منانے کے فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا کہ یہ دن صرف شکر گزاری کا نہیں بلکہ غیرت، جرات، اور قومی وحدت کی فتح کا دن ہے۔ مریم نواز شریف نے کہا کہ پوری پاکستانی قوم اور پاک افواج کو اللہ تعالیٰ کے شکر گزار ہیں کہ دشمن کے ناپاک ارادوں کو اور پاک افواج کو اللہ تعالیٰ کے شکر گزار ہیں کہ دشمن کے ناپاک ارادوں کو خاک میں ملایا، پوری قوم اور افواج پاکستان کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار بن گئی، ہماری افواج اور پاک فضائیہ نے تمام محاذوں پر دشمن کو شکست فاش دی، ہماری افواج اور پاک فضائیہ نے

روزنامہ قوت لاہور

سٹی نیوز

بھارت اور پاکستان کشیدگی میں اضافے سے گریز کریں، چینی وزیر خارجہ

بیجنگ (شِنہوا) چینی وزیر خارجہ وانگ یی نے امید ظاہر کی ہے کہ بھارت اور پاکستان پرسکون رہیں گے، بات چیت اور مشاورت سے اختلافات کو مناسب طریقے سے حل کرتے ہوئے صورتحال کو مزید خراب کرنے سے گریز کریں گے۔ کیمونسٹ پارٹی آف چائنہ کی مرکزی کمیٹی کے سیاسی بیورو کے رکن اور مرکزی کمیشن برائے خارجہ امور دفتر کے ڈائریکٹر وانگ یی نے بھارت کے مشیر قومی سلامتی اجیت دوول کے ساتھ فون پر بات چیت میں کہا کہ چین، بھارت اور پاکستان کے درمیان مشاورت کے ذریعے جائز اور دیرپا کشیدگی بندی کی حمایت اور توقع کرتا ہے جو دونوں ممالک کے بنیادی مفاد میں ہو اور عالمی برادری کی مشترکہ امنگوں کی نمائندگی کرے۔ انہوں نے کہا کہ چین پہلگام میں ہونے والے دہشت گردی کے حملے کی مذمت کرتا ہے اور ہر قسم کی دہشت گردی کا مخالف ہے۔ دوول نے کہا کہ پہلگام میں حملے سے بھارت کا بھاری جانی نقصان ہوا ہے اور وہ انسداد دہشت گردی کی کارروائی کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ جنگ بھارت کا آخٹاب نہیں ہے اور نہ ہی کسی فریق کے مفاد میں ہے۔ بھارت اور پاکستان دونوں جنگ کے بجائے کشیدگی کو کم کرنے کے لیے ذمہ داری کا مظاہرہ کریں۔ چین بھارت اور پاکستان کے ساتھ دوطرفہ تعلقات کو مستحکم کرنے کے لیے تیار ہے۔

یوکرین روس کے ساتھ 30 روزہ جنگ بندی کے لئے تیار ہو گیا

کیف (شِنہوا) یوکرین کے وزیر خارجہ آندرے سبیہا نے کہا ہے کہ کیف پیرس سے روس کے ساتھ 30 روزہ مکمل اور غیر مشروط جنگ بندی کے لئے تیار ہے۔ سبیہا کا یہ بیان یوکرین کی حمایت میں برطانیہ اور فرانس کی قیادت میں شروع کردہ "رضا کار اتحاد" کے رہنماؤں کے ساتھ ملاقات کے بعد سوشل میڈیا ایکس پر جاری ہوا ہے۔ سبیہا نے کہا کہ پائیدار جنگ بندی امن مذاکرات کی راہ ہموار کر سکتی ہے۔ امن کی کوشش پر توجہ مرکوز کی جس میں



لاہور: پاکستان مسلم لیگ ن لاہور کے صدر سیف الملوک کھوکھر کی قیادت میں یوم تشکر کے موقع پر پاکستان کی افواج سے اظہار یکجہتی کیلئے ریلی نکالی جارہی ہے

پاکستان مسلم لیگ (ن) لاہور کے صدر ملک سیف الملوک کھوکھر نے بھارت کے خلاف فتح کی خوشی میں یوم تشکر کے موقع پر کھوکھر پیلس میں ریلی کا انعقاد کیا

ریلی میں لیگی کارکنان وعوام کی کثیر تعداد شریک، پاکستان کی افواج اور سیاسی قیادت کے حق میں نعرے لگائے گئے

ساری قوم اپنی افواج سے اظہار تشکر کر رہی ہے، قوم نے اپنے اتحاد سے ثابت کیا کہ ہم اپنی افواج کی پشت پر ہیں: ملک سیف الملوک کھوکھر

سیاسی و عسکری قیادت نے بہترین حکمت عملی سے جنگی اور سفارتکاری کے میدان میں دشمن کو بدترین شکست سے دوچار کیا

لاہور (خبر نگار) پاکستان مسلم لیگ (ن) لاہور کے صدر ملک سیف الملوک کھوکھر کی جانب سے بھارت کے خلاف فتح کی خوشی میں یوم تشکر کے موقع پر کھوکھر پیلس میں ریلی کا انعقاد کیا گیا ریلی میں لیگی کارکنان اور عوام کی کثیر تعداد نے شرکت کی جو پاکستان کی افواج اور سیاسی قیادت کے حق میں نعرے لگاتے رہے۔ اس موقع پر شرکاء سے ملک سیف الملوک کھوکھر کی جانب سے بھارت کے خلاف فتح کی خوشی میں یوم تشکر کے موقع پر کھوکھر پیلس میں ریلی کا انعقاد کیا گیا ریلی میں لیگی کارکنان اور عوام کی کثیر تعداد نے ریلی میں

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
"روزنامہ قوت لاہور" (3) 12 مئی 2025ء

بھارت غلط فہمی کا شکار تھا دور کر دی گئی، وفاقی وزیر رانا تنویر

جنرل منیجر کو ارڈ ٹینیشن سوئی گیس شفقت ورک کے آبائی گاؤں کوٹلی ورکاں آمد والدہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کے موقع پر میڈیا سے گفتگو



افواج پاکستان نے دشمن کو شکست فاش دی ہے: اظہر حمید بھٹی

قوم جنگ میں فوج کیساتھ سیسہ پلائی دیوار بنی رہی: بیرسٹر ابوبکر اظہر بھٹی





سیالکوٹ (ڈسٹرک رپورٹر) پاکستان سے حد دی قوت و معاشی اعتبار سے سپنگلوں کا اجماری بھارت کو سخی محاذ میں بیاد افواج پاکستان نے منہ مارا ہے کہ اس شکست فاش پر مودی سرکار نے اپنی صدر کو اوری رابطہ کر کے پاکستان کو سیز فائر لگنے مجبور کرنے کا کہا۔ پاکستان ایئر فورس نے بھارتی ایئر فیلڈز و سٹرائیک آپریشن مقامات کو ٹھیک ٹھیک نشانہ لگاتے کہ ساتھ بھارت کو عسکری ٹھکانوں کو تباہ کر دیا۔ ان باتوں کا اظہار یوم تشکر کے موقع پر آج سیالکوٹ کی سیاسی و سماجی اور کاروباری شخصیت اظہر حمید بھٹی اور بریگیڈیئر ریٹائرڈ سلیم آنے ہوٹل پر ایا میڈیا ایشیشن کے اپنے مشترکہ میڈیا بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے صبر کا امتحان لینے والے دشمن کے ساتھ دی بھائی جو ایک بادقار قوم کر سکتی ہے ہمارے جری جوانوں نے چند گھنٹوں میں دشمن کے ساتھ دیکھا دیا جسے ہمیشہ یاد رکھے گی۔ ہماری حکومت و سپہ سالار پاکستان جنرل سید عاصم منیر کی دانشمندانہ اور دلیرانہ قیادت میں یہ عظیم معرکہ سر ہوا ہے۔

پیرا سلم نوشاہی انسان دوست شخصیت ہیں: آصف خان

بطور چیئرمین میں شاہین میڈیا یالازوال خدمات انجام دیں: عدیل خان

سیالکوٹ (ڈسٹرک رپورٹر) ہمعیر میں شاہین میڈیا گروپ پیر محمد اسلم نوشاہی ایک انسان دوست شخصیت ہیں جنہوں نے ہر کوے وقت میں بامصرف اپنے فقراء بلکہ معتقدین وعوام الناس کا بھیشہ ساتھ دیا ہے بطور پیرس شاہین میڈیا یالازوال خدمات کے معترف ہیں۔ ان باتوں کا اظہار بکڑی جنرل شاہین میڈیا پاکستان و گروپ لیڈر شاہین میڈیا عدیل خان نے صحافیوں کیساتھ ایک اہم نشست کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ میں ایک عظیم انسان سے ملا ہوں جو ہر مشکل میں ہر وقت تیار ہیں جنگ بندی ہو چکی ہے جو خوش آئند ہے لیکن سالمیت کو کوئی آنچ آئی تو ہم ڈٹ کے قوم کو فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور اس کی آواز بنے گی دشمن کو ٹکی افواج پوری قوم کو فخر ہے جنھوں نے عمل بہادری کا مظاہرہ کیا اور دشمن کو منہ توڑ جواب دیا ہمارا خون بھی اسی کے شہادت دینے ہم سے کہتا انسانوں کا خون نہیں بہانے ہمارا دین اس کی اجازت نہیں دیتا مگر بھارت نے بھیشہ الزام پاکستان پر لگایا پاکستان پر لگایا ہے کہ ہم کیا کچھ کر سکتے ہیں پاکستان اپنی سالمیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرتا دنیا دیکھ لیا ہے کہ ہم کیا کچھ کر سکتے ہیں پاکستان اپنی سالمیت پر کوئی آنچ نہیں آنے دی قوت کی معترف ہوگی ہے بھارت نے اپنے انا اور بےوقوفی سے عالمی سطح پر اپنی حیثیت کھودی ہے بھارت عالمی سطح پر تنہا رہ گیا ہے پاکستان کی سفارتی سطح پر بھی بہت بڑی کامیابی ہے۔

جعلی حکومت نے فیول ایڈجسٹمنٹ اور بجلی کی قیمت میں بھی کرد ڈاکہ

ہمارے پیسے پر 83 پیسے فی یونٹ کی کردی گئی ہے اور ہمارے بلوں پر سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بھی کی گئی ہے، ہمارے ساتھ دھوکہ دہی ہے، ہمارے جری جوانوں نے چند گھنٹوں میں دشمن کے ساتھ دیکھا دیا جسے ہمیشہ یاد رکھے گی۔ ہماری ہے، ہمارے ساتھ دھوکہ دہی ہے، ہمارے جری جوانوں نے چند گھنٹوں میں دشمن کے ساتھ دیکھا دیا جسے ہمیشہ یاد رکھے گی۔ ہماری حکومت و سپہ سالار پاکستان جنرل سید عاصم منیر کی دانشمندانہ اور دلیرانہ قیادت میں یہ عظیم معرکہ سر ہوا ہے۔

آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر پوری قوم کو مبارکباد پیش کرتے ہیں

پاک فوج اور گرجدار قیادت کو سلام ہے جنہوں نے نیکی سالمیت پر کوئی آنچ نہیں آنے دی: ڈاکٹر پوسٹ مالکی





نارنگ منڈی (میاں منظم ہے) آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر قومی سوگ منانے کا اعلان کرتے ہیں پاک فوج اور عسکری قیادت کو سلام ہے جنہوں نے نیکی سالمیت پر کوئی آنچ نہیں آنے دی میں ایسی بہادر افواج پر بھیشہ فخر ہے گا پوری قوم نے بیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح عسکری قیادت اور قوم کا ساتھ دیا ان خیالات کا اظہار سیاسی و سماجی شخصیت اسید اموصوفی اسمبلی ڈاکٹر پوسٹ مالکی نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان سلامتی کونسل کا اجلاس طلب کیا جائے بھارت کو بے نقاب کیا جائے اور پاکستان کی سفارتی سطح پر بھی بہت بڑی کامیابی ہے۔

بھارتی جارحیت اور شہری آبادیوں کو نشانہ بنانے کے خلاف شٹر بند ہڑتال

وکلا برادری سراپا احتجاج بن گئی

شٹر بند ہڑتال (بیورو رپورٹ) بھارتی جارحیت اور شہری آبادیوں کو نشانہ بنانے کے خلاف شٹر بند ہڑتال کی وکلا برادری سراپا احتجاج بن گئی۔ وکلاء نے احتجاجی ریلی نکالی اور بھارت کے خلاف شدید نعرے بازی کی۔ وکلاء نے بھارت کے خلاف شدید نعرے لگائے اور بھارت کے خلاف شدید نعرے بازی کی۔ وکلاء نے بھارت کے خلاف شدید نعرے لگائے اور بھارت کے خلاف شدید نعرے بازی کی۔

آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر پوری قوم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں، چوہدری منیر

پاک فوج ایک پیشہ وارانہ اور ذمہ دار فوج ہے جس کی تعریف پوری دنیا کرتی ہے، رہنمایان پی ٹی آئی حلقہ پی پی 104 کی گفتگو



اہم بیرون ملک خانہ انٹونڈ پلومیٹس کو جیت دلوا دیا ہے پاکستان کی بدلتی ہوئی دنیا کو بھی خاتمہ ہو گا اور نازی بن کر رہے گا انہوں نے کہا کہ 20 ہزار فٹ بلند پر بھی ہم نے پرچم لہرا دیا ہے ہم نے پہلے بھی اپنے ہیرو یوں کے اعلان عام طور پر بزرگ مرد و زن رہنما بابا خورشید صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں رہنما بابا خورشید صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے مجھے یہ اعتماد کا اظہار کیا اور باقی

پیر اسلم نوشاہی انسان دوست شخصیت ہیں: آصف خان

بطور چیئرمین میں شاہین میڈیا یالازوال خدمات انجام دیں: عدیل خان

سیالکوٹ (ڈسٹرک رپورٹر) ہمعیر میں شاہین میڈیا گروپ پیر محمد اسلم نوشاہی ایک انسان دوست شخصیت ہیں جنہوں نے ہر کوے وقت میں بامصرف اپنے فقراء بلکہ معتقدین وعوام الناس کا بھیشہ ساتھ دیا ہے بطور پیرس شاہین میڈیا یالازوال خدمات کے معترف ہیں۔ ان باتوں کا اظہار بکڑی جنرل شاہین میڈیا پاکستان و گروپ لیڈر شاہین میڈیا عدیل خان نے صحافیوں کیساتھ ایک اہم نشست کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ میں ایک عظیم انسان سے ملا ہوں جو ہر مشکل میں ہر وقت تیار ہیں جنگ بندی ہو چکی ہے جو خوش آئند ہے لیکن سالمیت کو کوئی آنچ آئی تو ہم ڈٹ کے قوم کو فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور اس کی آواز بنے گی دشمن کو ٹکی افواج پوری قوم کو فخر ہے جنھوں نے عمل بہادری کا مظاہرہ کیا اور دشمن کو منہ توڑ جواب دیا ہمارا خون بھی اسی کے شہادت دینے ہم سے کہتا انسانوں کا خون نہیں بہانے ہمارا دین اس کی اجازت نہیں دیتا مگر بھارت نے بھیشہ الزام پاکستان پر لگایا ہے کہ ہم کیا کچھ کر سکتے ہیں پاکستان اپنی سالمیت پر کوئی آنچ نہیں آنے دی قوت کی معترف ہوگی ہے بھارت نے اپنے انا اور بےوقوفی سے عالمی سطح پر اپنی حیثیت کھودی ہے بھارت عالمی سطح پر تنہا رہ گیا ہے پاکستان کی سفارتی سطح پر بھی بہت بڑی کامیابی ہے۔

ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کا مختلف ترقیاتی منصوبوں کی سائٹ کا دورہ

ڈپٹی کمشنر نے 8 ارب روپے سے مکمل ہونے والی حافظ آباد تا گجرات ہیڈ خانکی روڈ 750 ملین کی لاگت سے علی پور روڈ کشمیر نگر سیوریج منصوبوں کا دورہ کیا



حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے مختلف ترقیاتی منصوبوں کی سائٹ کا دورہ کرتے ہوئے وہاں تعمیراتی کاموں کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے 8 ارب روپے سے مکمل ہونے والی حافظ آباد تا گجرات (پیڈ خانکی روڈ 750 ملین کی لاگت سے علی پور روڈ کشمیر نگر سیوریج منصوبوں کا دورہ کیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر ڈی جی خان تصور عباس آگسین بھی وہ موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے 2 ارب روپے سے مکمل ہونے والے

DAILY QUWAT ایڈیٹوریل

quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

جنگ میں کوئی فاتح نہیں ہوتا!

پاک بھارت تنازعہ میں کمی کے آثار نہیں ہیں۔ پاکستان اصرار کر رہا ہے کہ مناسب وقت پر 6 اور 7 مئی کی رات کو پاکستان کے متعدد شہروں پر بھارتی میزائل حملوں کا جواب دے گا۔ آج وزیراعظم شہباز شریف نے امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو سے فون پر گفتگو میں واضح کیا ہے کہ پاکستان اپنے دفاع میں کارروائی کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے پاکستان اور بھارت میں تصادم کم کرانے کے لیے پاکستانی وزیراعظم سے فون پر گفتگو کی تھی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اس موقع پر کہا کہ بھارت کے حملوں نے پاکستان کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی خلاف ورزی کی ہے۔ پاکستانی عوام بھارت کی بلا اشتعال جنگی کارروائیوں پر شدید غصے میں ہیں۔ پاکستان اپنے دفاع میں کارروائی کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ بھارت نے خطے میں امن و استحکام کو شدید خطرات سے دوچار کیا ہے۔ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے کہا کہ امریکہ جنوبی ایشیا کی صورتحال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے۔ امریکہ خطے میں امن اور استحکام کو فروغ دینے کے لیے پرعزم ہے۔ پاکستان و بھارت دونوں کو کشیدگی کم کرنے کے لیے مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل، امریکی حکومت اور متعدد دیگر ممالک کی خواہش کے باوجود برصغیر میں جنگ کے بادل گہرے ہو رہے ہیں۔ دنیا بھر میں یہ تصادم یوں تشویش و پریشانی کا سبب ہے کہ دونوں ملک جوہری ہتھیاروں سے لیس ہیں اور معاملات بات چیت کی بجائے جنگ کے ذریعے حل کرنا چاہتے ہیں۔ اس کے علاوہ اس خطے میں پونے دو ارب انسان آباد ہیں، جن کی اکثریت اب بھی بنیادی انسانی ضرورتوں سے محروم ہے۔ غربت عام ہے اور روزگار کے مواقع محدود ہیں۔ یہ صورت حال تبدیل کرنے کے لیے امن و خوشحالی کی ضرورت ہے لیکن پاکستان اور بھارت اس کے برعکس مسلسل تصادم کی طرف بڑھتے رہے ہیں۔ جنوری 2016 پٹھان کوٹ ائربیس پر حملہ کے بعد سے دونوں ملکوں کے درمیان ہر سطح پر بات چیت کے دروازے بند ہیں۔ پہلے صرف بھارت، پاکستان سے بات کرنے سے انکار کرتا تھا لیکن اگست 2019 میں مقبوضہ کشمیر کی آئینی حیثیت تبدیل کرنے کے بعد سے پاکستان نے بھی نئی دہلی کے ساتھ مذاکرات سے انکار کیا ہے۔ نریندر مودی کی انتہا پسند حکومت نے اس تنازعہ کو کھیلوں اور ثقافتی شعبے تک پھیلا دیا ہے۔ 22 اپریل کو پہلگام سانحہ سے پہلے بھی دونوں ہمسایہ ممالک کے درمیان تعلقات میں دوری تھی، بات چیت کے راستے بند تھے، ثقافتی تبادلے یا کھیلوں کے مقابلے محدود تھے۔ اسی طرح باہمی تجارت بھی انتہائی ضرورت کی وجہ سے ہو رہی تھی۔ تاہم اس سانحہ میں 26 افراد کی ہلاکت کے بعد نریندر مودی کی حکومت نے کچھ سوچے سمجھے بغیر پاکستان پر الزام عائد کر کے جنگ کا ماحول پیدا کر دیا۔ سرکاری بیانات اور میڈیا پر پاکستان کو کسی ثبوت اور کسی جواز کے بغیر اس سانحہ میں ملوث قرار دیا گیا۔ حتیٰ کہ یہ سراغ بھی لگا لیا گیا کہ حملہ آوروں میں دو پاکستانی شہری تھے۔

پھر بھی قیاس کیا جا رہا تھا کہ دونوں ممالک چونکہ جوہری ہتھیاروں سے لیس ہیں اور دنیا پہلے ہی یوکرین و غزہ جیسے المیوں کا سامنا کر رہی ہے، اس لیے اسے برصغیر میں ایک نئی جنگ منظور نہیں ہوگی۔ اس حوالے سے بیانات بھی دیے گئے اور امریکہ و دیگر ممالک نے کچھ کوششیں بھی کیں۔ نریندر مودی کی حکومت نے البتہ کسی دلیل کو قبول کرنے کیے بجائے داخلی ضرورتوں اور ہندوتوا ایجنڈے کے تحت مذہبی انتہا پسندی کا ماحول پیدا کر کے پاکستان کو نہ صرف پہلگام کا قصوروار ٹھہرایا بلکہ اسے دہشت گردی کا مرکز اور سرپرست قرار دے کر دنیا بھر میں بدنام کرنے کا سلسلہ شروع کر دیا۔ اسی ماحول میں 7 مئی کی رات کو آزاد کشمیر کے علاوہ پاکستانی علاقوں میں متعدد مقامات پر حملے کیے گئے۔ ان میں خاص طور سے بہاولپور اور مرید کے میں کیے جانے والے میزائل حملے قابل ذکر ہیں کیوں ان دونوں شہروں میں بالترتیب جیش محمد اور لشکر طیبہ کے مراکز تھے۔ پاکستان پر ہونے والے حملوں میں ہلاکتوں کی تعداد 30 سے تجاوز کر چکی ہے۔ پاکستانی حکومت مولانا مسعود اظہر اور حافظ سعید سے لاتعلقی کا اعلان کر چکی ہے اور ان کی تنظیموں کو کالعدم بھی قرار دیا گیا ہے۔ عملی طور سے ان دونوں تنظیموں کو پاکستان میں سرگرمیوں کی اجازت نہیں ہے لیکن بھارت نے ماضی کی شکایات کی بنیاد پر اپنا مقدمہ مضبوط سمجھتے ہوئے، ان دونوں تنظیموں کے مراکز پر حملے کیے۔ حالانکہ آئی ایس پی آر کے مطابق بھارتی میزائل مساجد پر گرے اور ان میں شہری جاں بحق ہوئے۔ البتہ بہاولپور میں حملے کے فوری بعد مسعود اظہر کا بیان بی بی سی اردو پر شائع ہوا جس میں انہوں نے اقرار کیا کہ اس حملہ میں ان کے خاندان کے متعدد افراد جاں بحق ہوئے ہیں اور اس پر شدید غصہ کا اظہار بھی کیا۔ اسی طرح مرید کے حملے میں جاں بحق افراد کی نماز جنازہ کے موقع پر سینکڑوں لوگ جمع ہوئے

جب کمیونسٹ ریاست کی زبان بولنے لگیں

تحریر: ناصر اقبال

ڈھول اگر گلے پڑ جائے تو پھر اسے بجانا ہی پڑتا ہے کے مصداق مسلط شدہ جنگوں کو جو کہ ناگزیر ہو جاتی ہیں کو ٹال مٹول، بات چیت، صلح کی کاوشوں، خفیہ سفارت کاری اور مذاکرات کے حیلے بہانوں سے مختصر عرصہ کے لیے موخر تو کیا جا سکتا ہے لیکن بالآخر انہیں لڑنا ہی پڑتا ہیں اور بغیر لڑے ان سے جان نہیں چھڑائی جا سکتی۔ مثال کے طور پر 2014 میں روس نے یوکرائن کے علاقے کریمیا پر فوجی یلغار کر کے قبضہ کر لیا تھا۔ اس وقت کی یوکرائنی سیاسی قیادت نے جنگ لڑنے کی بجائے مصلحت سے کام لیا حالانکہ اس وقت یوکرائن کو وہ جنگ لڑنی چاہیے تھی۔ جنگ نہ لڑنے کی وجوہات کچھ بھی ہو سکتی ہیں مگر یہ طے ہے کہ اس وقت کی یوکرائنی قیادت جنگ سے گریزاں تھی مگر یہاں سوال یہ ہے کہ کیا یوکرائن ایک ملک یا قوم کے طور پر جنگ سے بچ پایا تو جواب نفی میں ہے۔

2022 میں روس نے پھر سے یوکرائن پر فوجی حملہ کر کے اس کے 20 فیصد اہم علاقے پر قبضہ کر لیا مگر اس دفعہ یوکرائن کی قیادت نے غیرت سے کام لیا اور جوابی جنگ کا طبل بجا دیا اس تین سالہ جنگ کا نتیجہ ابھی تک تو کچھ نہیں نکلا مگر ولادیمیر زیلنسکی دنیا میں ایک جنگی ہیرو کے طور پر ابھر رہا ہے۔ روس کی پیش قدمی رک چکی ہے اور اب معاملات امن کی طرف جا رہے ہیں۔ چور کی چوری شاید سنگین بات نہ ہو مگر چور کا گھر یا راستہ کو دیکھ لینا اور فریق دوئم کو آسان شکار گردان لینا بہت مہلک ثابت ہوا کرتا ہے۔

1261 میں منگول فوج نے مصر کا گھیراؤ کر لیا اور پیغام دیا کہ شہروں کے دروازے کھول دیے جائیں بصورت دیگر تباہی کے لیے تیار ہو جائیں۔ یاد رہے کہ اس وقت تک منگول افواج ناقابل شکست تھیں۔ اس وقت سیف الدین قطز مصر کا بادشاہ اور مصری افواج کا جنرل رکن الدین بیبرس تھا۔ بادشاہ مصلحت پسندی کا شکار تھا جبکہ بیبرس بھانپ چکا تھا کہ جنگ ناگزیر ہے اور درمیانی راستہ کوئی نہیں ہے صلح کے نتیجہ میں بھی تباہی ہی ہے۔ چنانچہ جنگ لڑنے کا فیصلہ ہوا اور بیبرس نے ایک انوکھی جنگی چال چلی۔ منگول فوج کو مصم یقین تھا کہ ان پر حملہ نہیں کیا جا سکتا۔ بیبرس کی فوج نے رات کے وقت منگول فوج پر شب خون مار دیا اور سوئی ہوئی منگول فوج کو اس کے جرنیل قطبو غہ سمیت کاٹ کر رکھ دیا۔ اس شکست کے بعد منگول یلغار جو دنیا بھر میں جاری تھی رک گئی اور منگول سلطنت سکڑتے سکڑتے آج منگولیا یا اولان بتار تک محدود ہو چکی ہے۔

روسی انقلاب کے بانی ولادیمیر لینن بھی جرمنی سے جنگ سے گریزاں تھے اور انہوں نے جرمنی کی شرائط پر صلح کے معاہدے بھی کیے مگر جلد ہی دوسری جنگ عظیم کے دوران عظیم روسی قائد سٹالن کی قیادت میں بالآخر روس کو نازی جرمنی سے فیصلہ کن جنگ لڑنی پڑی اور فتح حاصل کر کے فسطائیت کو دفن کر دیا۔

جنگ عظیم اول اور دوئم دونوں ناگزیر قسم کی جنگیں تھیں۔ کامیابی کے ثمرات جنگ لڑ کر اور جیت کر ہی حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ جو ملک ان جنگوں سے گریزاں ہوئے آج وہ تیسری دنیا کے طور پر تسلیم کیے جاتے ہیں یا دنیا کی سیاست میں ان کا اثر نہ ہونے کے برابر ہے اور جو یہ جنگ جیتے وہ آج بھی دنیا کی سیاست میں اعلیٰ مقام رکھتے ہیں۔

دہشت گردی کے خلاف جنگ بھی اسی طرح کی ایک ناگزیر جنگ تھی یا ہے۔ جن ممالک نے بروقت فیصلے کیے وہ مستقبل میں ہونے والے دہشت گرد حملوں سے محفوظ رہے۔ مثال کے طور پر امریکہ میں 11 / 9 کے بعد کوئی خاص دہشت گردانہ کروائی نہیں ہوئی ہے۔ گزشتہ 24 سالوں کے دوران برطانیہ، فرانس، سپین، جرمنی میں کل 9 دہشت گردانہ حملے ہوئے۔ ان میں آخری حملہ 2017 میں سپین میں ہوا جس کی ذمہ داری داعش نے قبول کی۔ ہم یہاں یہ مفروضہ کر سکتے ہیں کہ ان ممالک نے بظاہر دہشت گردی پر قابو پا لیا ہے۔

دہشت گردی کے خلاف جنگ کے دوران وطن عزیز میں مارچ 2025 تک 1100 سے زائد چھوٹے بڑے حملے ہو چکے ہیں۔ زخمی اور شہدا کی کل تعداد دو سے چار لاکھ کے درمیان ہو سکتی ہے۔ مستند اعداد و شمار اکٹھے کرنا خاصا مشکل کام ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ افواج پاکستان کا شمار دنیا کی بہترین افواج میں ہوتا ہے باوجود اس کے ابھی تک ہماری افواج حالت جنگ میں ہیں، دہشت گردی کے خلاف جنگ جاری ہے، حوصلے بلند ہیں مگر بدقسمتی سے جنگ ابھی تک نتیجہ خیز نہیں ہو سکی ہے۔ جنگ کی اس بلاوجہ طوالت کے بہت سارے عوامل زیر بحث لائے جا سکتے ہیں مگر ہم اس مختصر کالم میں صرف ایک عنصر کا مختصر تجزیہ کریں گے۔

عام طور پر کہا جاتا ہے کہ جنگیں افواج نہیں اقوام لڑا کرتیں ہیں۔ اس کہاوت میں فوج اور قوم کوئی علیحدہ علیحدہ وجود کی مالک نہیں ہوتیں بلکہ یک جان ہوتیں ہیں۔ جنگ کے تکنیکی معاملات مثال کے طور پر بندوقیں، توپیں، میزائل داغنا، مورچے اور میدان جنگ وغیرہ کے معاملات فوج کے ذمہ ہوتے ہیں اور باقی ماندہ قوم فوج کی مدد، راہنمائی، پشت پناہی، وکالت، لابنگ اور فوجیوں کے حوصلے بڑھانے کا کام کرتی ہے۔ قوم اور فوج کا یہ امتزاج جنگ میں مکمل فتح کی کلید ہے۔

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں امریکہ جب کودا تھا تو اس وقت پاکستان میں عام خیال تھا کہ امریکہ میں چند تابوت جانے کی دیر ہے اور اس کے نتیجہ میں امریکہ میں کہرام کا سماں ہوگا اور گلی گلی ماتم و احتجاج برپا ہو جائے گا۔ امریکہ نے 20 سال جنگ لڑی ہزاروں تابوت امریکہ گئے مگر امریکی قوم نے اف تک نہ کی کیونکہ وہ فوج کے شانہ بشانہ کھڑی تھی۔ جنگ میں گو کہ امریکہ پوری طرح فتح یاب تو نہ ہو سکا مگر اس نے اپنے آپ کو مزید دہشت گردانہ حملوں سے محفوظ ضرور کر لیا۔ ویسے بھی امریکہ کا جغرافیہ اس کا قدرتی محافظ ہے۔

ماضی کی غلطیاں ہوں یا کچھ بھی وجوہات ہوں بہرکیف پاکستانی فوج کو بھی جنگ میں کودنا پڑا۔ یہاں ہم ایک لمحے کے لیے فرض کر لیتے ہیں کہ پاکستان کا جنگ میں کودنا ایک غلطی تھی تو کیا پوری دنیا میں اسلامی خلافت قائم کرنے کے دعوے دار پاکستان کو معاف کر دیتے اس کا سوال ہی نہیں پیدا ہوتا۔ ہماری شاید ذاتی رائے ہو کہ اس وقت پاکستانی فوج کا جنگ لڑنے کا فیصلہ درست تھا۔ اگر اس وقت فوج جنگ کر کے دہشت گروں کا راستہ نہ روکتی تو اس وقت تک پاکستانی سیاست میں انتہا پسندوں کے وکلا اور ہمدردوں سمیت آدھے پاکستانیوں کی گردنیں کٹ چکی ہوتیں اور باقی ماندہ ہر قسم کے انسانی اور جمہوری حقوق سے محروم ہو چکے ہوتے۔

طالبان اور دوسرے دہشت پسند گروہ جتنے مرضی طاقتور ہو جائیں یہ پاک فوج سے نہیں جیت سکتے اور پاکستان 25 کروڑ آبادی اور ایک بڑے رقبے والا ملک ہے جسے داعش سمیت تمام دنیا کے دہشت گرد گروہ مل کر بھی فتح نہیں کر سکتے۔ ابھی تک معاملہ فوج، پولیس اور دوسری لا انفورسمنٹ ایجنسیوں کے ہاتھوں میں ہے اور خدا نہ کرے کہ کبھی معاملہ عوام تک پہنچ جائے۔ عوام نے صرف جوتوں کی مدد سے دہشت گردوں اور ان کے سرپرستوں کو ملک سے نکال باہر کرنا ہے اور انہیں دنیا بھر میں کہیں پناہ نہیں ملے گی۔ انڈیا کی طرف سے پاکستان پر موجودہ بلاجواز و اشتعال فوجی حملے کو بھی ناگزیر یا مسلط شدہ جنگوں میں شمار کیا جا سکتا ہے

سماجی جبر ریاستی جبر سے زیادہ خطرناک ہے

تحریر: کامران عباس

تاریخ کا سب سے تلخ ستم یہ ہوتا ہے کہ جو پارٹیاں مظلوموں کی آواز بن کر اٹھتی ہیں، وقت کے ساتھ وہی طاقت کی آلہ کار بن جاتی ہیں۔ جب کمیونسٹ پارٹیاں بورژوا سیاست میں الجھتی ہیں، تو ان کے نعروں سے طبقاتی جدوجہد کی للکار مدھم ہو جاتی ہے، اور ان کے بیانات سے سامراج دشمنی کی خوشبو مٹنے لگتی ہے۔ 7 مئی 2025 کو بھارت کی دو بڑی جماعتوں سی پی آئی اور سی پی آئی (ایم) نے بھارت کی جانب سے پاکستان اور آزاد کشمیر میں کی گئی فوجی کارروائیوں پر جو بیانات دیے، وہ نہ صرف مایوس کن تھے بلکہ نظریاتی انحطاط کی علامت بھی۔

ان کے الفاظ بے حس اور ریاستی اصطلاحات سے لبریز تھے: قومی اتفاق رائے، غیر اشتعالی اقدام، دہشت گردی کا ڈھانچہ ان بیانات میں ایک لفظ بھی عام شہریوں کی ممکنہ ہلاکت کے بارے میں نہ تھا۔

جب بائیں بازو کی جماعتیں ایسی زبان بولنے لگیں، جو فاشسٹ حکومتوں کی ترجمانی کرتی ہو، تو سوال یہ اٹھتا ہے کہ ان کے نام کے ساتھ کمیونسٹ کا سابقہ کس بنیاد پر جڑا ہوا ہے؟ اگر یہ پارٹیاں کمیونزم کے بنیادی اصولوں بین الاقوامیت، سامراج دشمنی، طبقاتی یکجہتی کی پاسداری نہیں کر سکتیں، تو پھر بہتر ہے کہ یہ خود کو کسی اور نام سے پکاریں۔

سی پی آئی (ایم) نے فخر سے کہا کہ تمام سیاسی جماعتوں نے اس کارروائی کی حمایت کی ہے۔ سی پی آئی نے اسے درست ردِعمل قرار دیا۔ کسی نے نہیں پوچھا کہ کیا ریاست، جو خود تشدد اور جبر کی پیداوار ہے، انصاف کی ٹھیکیدار بن سکتی ہے؟ کسی نے نہیں کہا کہ اس کارروائی کے نتیجے میں جو معصوم جانیں ضائع ہوں گی، ان کا حساب کون دے گا؟

یہ محض تضاد نہیں یہ نظریاتی دیوالیہ پن ہے۔ ایک وقت تھا جب بھارتی کمیونسٹ تحریک بھگت سنگھ جیسے انقلابیوں سے ناتا جوڑتی تھی،

جو سرحد پار کے محنت کشوں کو اپنا بھائی سمجھتے تھے۔ آج وہی جماعتیں قوم پرستی کی لہر میں بہہ کر ان خوابوں کا خون کر رہی ہیں۔

لیکن یہ بھی سچ ہے کہ بھارت کا پورا بایاں بازو اس گراوٹ کا شکار نہیں ہوا۔ کئی چھوٹی مگر نظریاتی طور پر دیانت دار کمیونسٹ جماعتیں، طلبہ تنظیمیں اور آزاد مارکس وادی گروہ اس موقع پر ان دونوں پارٹیوں کے بیانات کی شدید مذمت کر رہے ہیں۔ وہ آج بھی جنگ، عسکریت، اور ریاستی تشدد کے خلاف کھڑے ہیں۔ ان کی موجودگی اس بات کی دلیل ہے کہ سچا کمیونزم ابھی مرا نہیں۔ وہ حاشیے پر سہی، مگر زندہ ہے۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم خاموش نہ رہیں۔ کمیونزم کوئی قومی مفاد کا بیانیہ نہیں، بلکہ ایک بین الاقوامی نظریہ ہے

جو ظلم، جبر اور استحصال کے خلاف ہر جگہ، ہر قوم میں آواز بلند کرتا ہے۔ اگر یہ جماعتیں اس معیار پر پورا نہیں اترتیں، تو وہ کمیونسٹ کہلانے کی مستحق بھی نہیں۔

یہ محض تضاد نہیں یہ نظریاتی دیوالیہ پن ہے۔ یہ محض تضاد نہیں یہ نظریاتی دیوالیہ پن ہے۔ ایک وقت تھا جب بھارتی کمیونسٹ تحریک بھگت سنگھ جیسے انقلابیوں سے ناتا جوڑتی تھی،

جو سرحد پار کے محنت کشوں کو اپنا بھائی سمجھتے تھے۔ آج وہی جماعتیں قوم پرستی کی لہر میں بہہ کر ان خوابوں کا خون کر رہی ہیں۔

حرف رواں
تحریر
ڈاکٹر محمد عمران

رات کی تاریکی میں حملہ بھارت کی بزدلی کا منہ بولتا ثبوت ہے

تحریر: آصف شاہ

رات کی تاریکی میں حملہ بھارت کی بزدلی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ پاک فوج نے جوابی کارروائی کر کے پاکستانی قوم کی امنگوں کی بھرپور ترجمانی کی ہے۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان جرنلسٹ ایسوسی ایشن کے بہاولپور ڈویژن ایگزیکٹو ممبر آصف شاہ نے کیا انہوں نے کہا کہ قوم متحد اور پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ سول افراد کی شہادت بھارت کی مکارانہ سوچ کی عکاسی ہے ہم بھارت پر یہ واضح کرتے ہیں کہ اس کے اس عمل کا جواب دینے کیلئے پوری پاکستانی قوم متحد ہے اور پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ پاکستانی قوم کا ماضی اس بات کا گواہ ہے کہ جب بھی پاکستان پر کوئی آنچ آئی ہے تو پاکستانیوں نے یہ ثابت کیا ہے کہ وہ سندھی، بلوچی، پنجابی، پختون، مہاجر اور سرائیکی نہیں بلکہ صرف اور صرف پاکستانی ہیں۔ پاکستان میں رہنے والا عیسائی، ہندو، سکھ سمیت تمام اقلیتی برادریوں کا ہر شخص بھی پاکستان کا اتنا ہی وفادار ہے جتنا کہ پاکستان میں بسنے والا مسلمان پاکستان کے ساتھ مخلص ہے پوری پاکستانی قوم متحد ہے اور پاکستانی فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ مزید کہا کہ بھارت پر یہ واضح کر دینا چاہتے ہیں کہ اس کا مقابلہ پاکستانی فوج کے ساتھ ہی نہیں بلکہ 25 کروڑ عوام کے ساتھ ہے کیونکہ پاکستانی قوم کا ہر فرد پاکستان کا فوجی ہے اور رہے گا ہم پاک فوج کے ہر قدم پر پاک فوج کے ساتھ ہیں۔

آپریشن سندور کے جواب میں پانچ لڑاکا طیارے تباہ

بھارت نے بالآخر آپریشن سندور کے نام سے پاکستان کے متعدد مقامات پر میزائل حملے کر کے اپنے دعوے کے مطابق 22 اپریل کو پہلگام سانحہ میں ہونے والی ہلاکتوں کا بدلہ لے لیا ہے۔ ان حملوں میں 26 افراد جاں بحق اور 46 زخمی ہوئے ہیں۔ پاکستانی فوج کے ترجمان کے مطابق جوابی کارروائی میں بھارت کے پانچ لڑاکا طیارے مار گرائے گئے ہیں اور ایک بریگیڈ ہیڈ کوارٹر کو نشانہ بنایا گیا ہے۔ رات کے دوران ہونے والی ان جنگی کارروائیوں کے بعد دونوں طرف سے کامیابی اور دشمن کے دانت کھٹے کرنے کے دعوے کیے جا رہے ہیں۔ بھارتی میڈیا میں وزیراعظم نریندر مودی کا یہ بیان شائع ہوا ہے کہ آپریشن سندور دہشت گردوں کو پیغام اور پہلگام میں ہلاک ہونے والوں کے پسماندگان کو خراج تحسین ہے۔ بھارتی حکام نے اس فوجی کارروائی کو آپریشن سندور کا نام دے کر اسے مذہبی رنگ دیا ہے کیوں کہ ہندو خواتین سہاگ کی نشانی کے طور پر ماتھے پر سندور کا ٹیکہ لگاتی ہیں۔ بھارت کے مطابق یہ جوابی کارروائی ہے جس کے دوران پہلگام میں ہلاک ہونے والے مردوں کی بیواؤں کا انتقام لیا گیا ہے۔ حملوں کے بعد بھارتی سرکاری ذرائع کی طرف سے اعلان کیا گیا تھا کہ ان حملوں سے انصاف ہو گیا ہے۔ گویا یہ اشارہ دیا گیا کہ اب بھارت مزید کارروائی کا ارادہ نہیں رکھتا۔ بھارت کی وزارت دفاع کے پریس ریلیز میں بھی متوازن اور معتدل زبان استعمال کی گئی تھی۔ اس بیان کے مطابق ان حملوں میں تحمل کا مظاہرہ کیا گیا۔ بھارت کا مقصد اشتعال انگیزی نہیں تھا۔ پاکستانی فوج کی تنصیبات کو نشانہ نہیں بنایا گیا۔ تاہم صرف بھارت کے کہنے سے انصاف کے تقاضے پورے نہیں ہوتے۔ ان حملوں میں صرف آزاد کشمیر میں ہی میزائل نہیں پھینکے گئے بلکہ پاکستان کی حدود میں حملے کیے گئے ہیں۔ پاکستانی فوج کے مطابق یہ جنگ کا اقدام ہے اور اس کا سخت جواب دیا جائے گا۔

پاکستانی دعوں کے مطابق بھارتی حملوں کے فوری بعد کارروائی کرتے ہوئے پانچ بھارتی طیارے مار گرائے گئے تھے جو مقبوضہ کشمیر اور بھارت کے مختلف علاقوں میں نشانہ بنائے گئے۔ آئی ایس پی آر کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے بتایا ہے کہ پاکستان ائرفورس نے ان طیاروں کو اس وقت نشانہ بنایا جب انہوں نے بلاجواز و بلاضرورت اشتعال انگیزی کرتے ہوئے پاکستان کی علاقائی سالمیت کو پامال کیا اور پاکستان کے شہریوں کو نقصان پہنچایا۔ ترجمان نے اس کے علاوہ متعدد بھارتی فوجی پوسٹس اور ایک بریگیڈ ہیڈ کوارٹر تباہ کرنے کا دعویٰ بھی کیا۔ اس کے علاوہ رات کے دوران لائن آف کنٹرول پر شیلنگ کے تبادلے میں تیزی آئی اور دونوں طرف شہریوں کی ہلاکتوں کی اطلاعات ہیں۔ پاکستانی ذرائع کے مطابق 5 شہری جاں بحق ہوئے جبکہ بھارت کے زیر انتظام کشمیر میں 7 افراد ہلاک ہونے کی اطلاعات ہیں۔ پاکستان کی طرف سے جن پانچ بھارتی طیاروں کو نشانہ بنانے اور تباہ کرنے کا دعویٰ کیا گیا ہے ان میں بھارتی ائرفورس کے تین رافیل طیارے شامل ہیں۔ دیگر دو میں ایک مگ 29 ایک ایس یو 30 قسم کا طیارہ مار گرایا گیا۔ ان میں سے تین مقبوضہ کشمیر میں گرے جبکہ دیگر دو بھارت کے علاقے میں تباہ ہوئے۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسیاں بھی بھارتی طیاروں کے تباہ ہونے کی اطلاعات دے رہی ہیں۔ نیوز ایجنسی رائیٹرز نے مقبوضہ کشمیر میں گرنے والے تین طیاروں کے تباہ ہونے کی تصدیق کی ہے۔ بی بی سی کے نمائندے نے بھی ایک تباہ شدہ طیارے کا ملبہ دیکھا ہے۔ البتہ نہ تو بھارتی میڈیا میں اس بارے میں کوئی خبر موجود ہے اور نہ ہی بھارتی حکومت نے اس کی تصدیق کی ہے۔ حالانکہ عینی شاہدین نے بین الاقوامی میڈیا ذرائع کو بتایا ہے کہ انڈین ائرفورس تباہ شدہ طیاروں کے ملبے تک پہنچی ہے اور ان کا معائنہ کیا جا رہا ہے۔ ملبے کے چاروں طرف رکاوٹیں لگا کر وسیع علاقے کو عام لوگوں کی آمدورفت کے لیے بند کر دیا گیا ہے۔ آپریشن سندور کے ذریعے حملے کر کے بھارتی حکام پاکستان کے ساتھ حساب برابر کرنے کا دعویٰ کر رہے ہیں۔ نئی دہلی میں حکام نے امریکہ، روس، سعودی عرب، برطانیہ اور متحدہ عرب امارات کے سفیروں کو ان حملوں کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ دوسری طرف پاکستان نے متعدد بھارتی فائٹر جیٹ تباہ کر کے حملوں کا بدلہ لے لیا ہے۔ غیر جانبدار ذرائع بھی چند بھارتی طیارے تباہ ہونے کی تصدیق کر رہے ہیں۔ اس طرح دیکھا جائے تو پاکستان نے بھی بھارتی میزائل حملوں کے جواب میں بھارتی فضائیہ کو سخت نقصان پہنچایا ہے۔ لیکن اس کے باوجود یہ کہنا ممکن نہیں ہے کہ دونوں ملکوں کے درمیان حملوں کا سلسلہ ختم ہو گیا ہے۔ پاکستانی حکام نے اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر بھارت نے مہم جوئی کی، تو جنگ چین اور بھارت کے مابین لڑی جائے گی۔ اس نے جدید جنگی طیارے بھی پاکستان کے حوالے کر دیے جبکہ ترکی اپنا بحری بیڑا کراچی کی بندرگاہ میں لے آیا۔ جنگی جنون میں مبتلا مودی سرکار نے اپنی خفت مٹانے کے لیے پاکستان کے اندر چھ مقامات پر میزائل داغ دیے۔

اس جارحیت کے جواب میں پاکستانی فضائیہ نے بھارت کے پانچ جنگی طیارے اور تین ڈرونز مار گرائے۔ ان میں تین رافیل طیارے بھی شامل تھے جو بھارت نے پاکستان کی فضائیہ کا مقابلہ کرنے کے لیے فرانس سے خاص طور پر خریدے تھے۔ فی الوقت بھارتی وزیراعظم اور ان کے منصوبہ سازوں کو سفارتی اور فوجی سطح پر شکست کا سامنا کرنا پڑا ہے۔

اس بگڑتی ہوئی صورت حال نے بھارتی ارباب اختیار میں انتقام کا جذبہ مزید تیز کر دیا ہے اور اس امر کا خدشہ بڑھتا جا رہا ہے کہ کہیں فوجی تصادم کا دائرہ مزید وسیع نہ ہو جائے۔ دو ایٹمی طاقتوں کا ٹکراؤ برصغیر کے علاوہ پورے خطے اور عالمی امن کے لیے تباہ کن ثابت ہو سکتا ہے، اس بنا پر عالمی طاقتوں پر یہ ذمے داری عائد ہوتی ہے کہ وہ محض بیانات اور تحمل کا درس دیتے رہنے کے بجائے بھارت کی قیادت پر یہ واضح کریں کہ جنگ کی آگ بھڑکانے کا اسے بہت زیادہ خمیازہ بھگتنا ہوگا۔

فوری طور پر سیکورٹی کونسل میں یہ مسئلہ اٹھایا جائے کہ کیا بھارت سندھ طاس معاہدے کو یک طرفہ طور پر ختم یا معطل کرنے کا حق رکھتا ہے۔ اس اعلیٰ ادارے میں پاکستان کے خلاف بھارت کے میزائل حملوں کا سنگین معاملہ بھی اٹھایا جائے۔ پاکستان کی دانش مند قیادت، اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کا دروازہ ان پیچیدہ معاملات پر غور و خوض کے لیے کھٹکھٹایا ہے، چنانچہ امید کی جاتی ہے کہ سلامتی کونسل کے معزز ارکان ایٹمی طاقتوں کے درمیان جنگ کو روکنے میں بھرپور کردار ادا کریں گے۔ گزشتہ دنوں سلامتی کونسل کے پندرہ ارکان کا بند کمرے میں پاک بھارت کشیدگی کی روک تھام کے لیے اجلاس ہوا تھا۔ مستند اطلاعات کے مطابق اس اجلاس میں بھارتی قیادت کے غیر ذمہ دارانہ رویے پر کڑی تنقید ہوئی اور یہ حقیقت ابھر کر سامنے آئی کہ پاکستان اور بھارت کے درمیان اصل تنازع مسئلہ کشمیر ہے۔ اراکین کی طرف سے اس امر پر زور دیا گیا کہ یہ مسئلہ جلد سے جلد سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق حل کیا جائے۔ اس طرح بھارتی قیادت کی خوئے شر

حملوں کے جواب میں بھارتی فضائیہ کو سخت نقصان پہنچایا ہے۔ لیکن اس کے باوجود یہ کہنا ممکن نہیں ہے کہ دونوں ملکوں کے درمیان حملوں کا سلسلہ ختم ہو گیا ہے۔ پاکستانی حکام نے اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر بھارت نے مہم جوئی کی، تو جنگ چین اور بھارت کے مابین لڑی جائے گی۔ اس نے جدید جنگی طیارے بھی پاکستان کے حوالے کر دیے جبکہ ترکی اپنا بحری بیڑا کراچی کی بندرگاہ میں لے آیا۔ جنگی جنون میں مبتلا مودی سرکار نے اپنی خفت مٹانے کے لیے پاکستان کے اندر چھ مقامات پر میزائل داغ دیے۔

اس جارحیت کے جواب میں پاکستانی فضائیہ نے بھارت کے پانچ جنگی طیارے اور تین ڈرونز مار گرائے۔ ان میں تین رافیل طیارے بھی شامل تھے جو بھارت نے پاکستان کی فضائیہ کا مقابلہ کرنے کے لیے فرانس سے خاص طور پر خریدے تھے۔ فی الوقت بھارتی وزیراعظم اور ان کے منصوبہ سازوں کو سفارتی اور فوجی سطح پر شکست کا سامنا کرنا پڑا ہے۔

اس بگڑتی ہوئی صورت حال نے بھارتی ارباب اختیار میں انتقام کا جذبہ مزید تیز کر دیا ہے اور اس امر کا خدشہ بڑھتا جا رہا ہے کہ کہیں

ہاؤس میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے صدر ٹرمپ نے اسے شرمناک قرار دیا اور کہا امید ہے کہ یہ تصادم رک جائے گا۔ چین نے بھی دونوں ملکوں کو تحمل سے کام لینے کا مشورہ دیا ہے۔ دنیا بھر کے اہم ممالک اور سفارتی ذرائع جنگ جوئی کی بجائے بات چیت کی ضرورت پر زور دے رہے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ جوہری صلاحیت کے حامل دو ممالک کے درمیان تصادم کی موجودہ صورت حال کسی خطرناک تنازعہ کی شکل اختیار کر سکتی ہے جو اس علاقے اور دنیا بھر کے لیے خطرناک ہوگی۔ پاکستان متعدد بار واضح کر چکا ہے کہ اگر اس پر دباؤ بڑھایا گیا تو اس کے پاس جوہری ہتھیار استعمال کرنے کا آپشن موجود ہے۔

بھارتی وزیراعظم نریندر مودی نے پہلگام سانحہ کے بعد ملک میں ہیجان اور سنسنی خیزی کا ماحول پیدا کیا تھا۔ بھارتی عوام کو اشتعال انگیز بیان بازی اور میڈیا پر جنگجوئی پر مبنی خبروں و تبصروں کے ذریعے پاکستان کے خلاف جنگ کے لیے تیار کیا گیا تھا۔ ایسی صورت میں بھارتی حکومت کے لیے شاید

سپورٹس

آئی پی ایل میچ کی منسوخی، چیئرلیڈر نے بھی سیکیورٹی پر سوال اٹھادیا

تقریباً 23,000 تماشائیوں والا اسٹیڈیم 80 فیصد بھرا ہوا تھا، جہاں سے سب کو باہر نکالا گیا



ممبئی (آئی این پی) انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) میں گزشتہ روز پنجاب کنگز اور دہلی کیپٹلز کے درمیان میچ کے دوران غیر معمولی واقعہ پیش آیا، جب اعلیٰ حکام نے میچ روکوادیا۔آئی پی ایل چیئرمین ارون دھومل نے میچ منسوخ کرنے کا اعلان کیا تو گراؤنڈ میں بیٹھے کھلاڑیوں، شائقین کرکٹ اور چیئرلیڈرز بھی پریشان ہوگئے۔اس دوران پنجاب کنگز نے 10.1 اوورز میں 122 رنز بنالیے تھے کہ اچانک اسٹیڈیم کی لائٹس بند ہوگئیں، ابتدائی طور پر اسے فنی خرابی قرار دیا گیا لیکن بعد میں میچ منسوخ کردیا گیا۔تقریباً 23,000 تماشائیوں والا اسٹیڈیم 80 فیصد بھرا ہوا تھا، جہاں سے سب کو باہر نکالا گیا۔ اس موقع پر پنجاب کنگز کی چیئرلیڈر نے ایک ویڈیو شیئر کی جس میں انہیں شدید خوف میں مبتلا دیکھا جاسکتا ہے

راولپنڈی اسٹیڈیم پر بھارتی حملہ غیر ذمہ دارانہ اقدام تھا، محسن نقوی

غیر ملکی اور مقامی کھلاڑیوں کی حفاظت پاکستان کرکٹ بورڈ کی اولین ترجیح ہے، چیئرمین پی سی بی



لاہور (آئی این پی) پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین محسن نقوی نے کہا ہے کہ راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم پر بھارتی حملہ انتہائی غیر ذمہ دارانہ اور خطرناک اقدام تھا، بھارت کے اس اقدام کا مقصد پی ایس ایل 10 کو سبوتاژ کرنا تھا۔ پاکستان سپر لیگ کے بقیہ آٹھ میچز کی متحدہ عرب امارات منتقلی پر چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے بیان دیا کہ غیر ملکی اور مقامی کھلاڑیوں کی حفاظت پاکستان کرکٹ بورڈ کی اولین ترجیح ہے۔ پی سی بی کھیل اور سیاست کو ہمیشہ الگ رکھنے کے کم وقف پر قائم ہے، بھارت کی جانب سے مزید جارحیت سے بچانے کے لیے میچز یو اے ای منتقل کیے گئے، کھلاڑیوں کی ذہنی صحت اور تحفظ کا خیال رکھنا کرکٹ بورڈ کی ذمہ داری ہے۔انہوں نے کہا کہ پی سی بی نے ہر مشکل گھڑی میں کرکٹ کی بقا کو یقینی بنایا

بڑھتی ہوئی سرحدی کشیدگی کی وجہ سے انڈین پریمیئر لیگ کو غیر معینہ مدت کے لیے معطل کردیا گیا

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کی جانب سے بڑھتی ہوئی سرحدی کشیدگی کی وجہ سے انڈین پریمیئر لیگ کو غیر معینہ مدت کے لیے معطل کردیا گیا، بھارتی میڈیا نے جمعہ کو رپورٹ کیا۔جموں کے قصبے سے 200 کلومیٹر (125 میل) سے بھی کم فاصلے پر دھرم شالہ میں جمعرات کو ہونے والے میچ کو ترک کرنے کے بعد کرکٹ حکام نے ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ کو روکنے کا فیصلہ کیا، جہاں کئی گھنٹے قبل دھماکے کی اطلاع ملی تھی۔10 ٹیموں پر مشتمل آئی پی ایل، جس میں دنیا بھر سے کرکٹ کے غیر ملکی کھلاڑی شامل ہیں اور اس کھیل کا سب سے امیر مقابلہ ہے، 22 مارچ کو شروع ہوا۔لکھنؤ سپر جائنٹس کو جمعہ کو رائل چیلنجرز بنگلور کی میزبانی کرنا تھی

انگلش پریمیئر فٹ بال لیگ میں آج مزید 5 میچ کھیلے جائیں گے

لندن (این این آئی) انگلش پریمیئر فٹ بال لیگ میں (آج) ہفتہ کو مزید 5 میچوں کا فیصلہ ہوگا، پہلا میچ فلہم اور ایورٹن کی ٹیموں کے درمیان کریون کاٹیج، لندن کے مقام پر کھیلا جائے گا، دوسرا میچ لیسوچ ٹاؤن اور برینٹ فورڈ کی ٹیموں کے درمیان پورٹ مین روڈ، لیسوچ کے مقام پر کھیلا جائے گا، تیسرے میچ میں ساؤتھمپٹن اور دفاعی چیمپئن مانچسٹر سٹی کی ٹیمیں آمنے سامنے ہوں گی اور یہ میچ سینٹ میری سٹیڈیم ساؤتھمپٹن میں کھیلا جائے گا۔چوتھا میچ ولورہیمپٹن اور برائٹن اینڈ ہوو البیون کی ٹیموں کے درمیان مولینکس سٹیڈیم، وولورہیمپٹن میں کھیلا جائیگا

پاک بھارت کشیدگی، آسٹریلوی کرکٹرز نے واپسی کیلئے فلائٹس کی تلاش شروع کردی

ممبئی (آئی این پی) پاک بھارت کشیدہ صورتحال کے سبب آئی پی ایل کھیلنے والے آسٹریلوی کرکٹرز نے بھارت سے وطن واپسی کے لیے فلائٹس کی تلاش شروع کر دی۔آسٹریلین میڈیا کے مطابق آسٹریلوی کرکٹرز ایک دو روز میں دبئی یا اپنے وطن واپس جانے کے خواہش مند ہیں، جبکہ آسٹریلوی کرکٹرز ہفتے کو اپنے وطن واپس روانہ ہوسکتے ہیں۔آسٹریلوی میڈیا کے مطابق دھرم شالہ میں میچ ختم کرنے کے بعد آسٹریلوی کرکٹرز پریشانی میں مبتلا ہیں، آئی پی ایل میں 15 آسٹریلوی کھلاڑی شریک ہیں جن میں پیٹ کمنز بھی شامل ہیں۔

انسانیت سے متعلق ٹوئٹ؛ بھارتیوں نے اپنے ہی کرکٹر کو غدار قرار دیدیا

بھارتی کرکٹر کے ٹوئٹ پر انہیں سوشل میڈیا سائٹ پر شدید تنقید کا نشانہ بنایا جارہا ہے



نئی دہلی (این این آئی) پاک بھارت کشیدگی کے دوران سابق کرکٹر امباتی رائیڈو کی جانب سے انسانیت سے متعلق کیے گئے ٹوئٹ پر بھارتیوں نے اپنے ہی کرکٹر کو غدار قرار دیدیا۔گزشتہ روز سماجی رابطے کی سائٹ ایکس (ٹوئٹر) پر سابق بھارتی کرکٹر امباتی رائیڈو ٹوئٹ کرتے ہوئے لکھا کہ آنکھ کے بدلے آنکھ دنیا کو اندھا بنا دیتی ہے۔بھارتی کرکٹر کے ٹوئٹ پر انہیں سوشل میڈیا سائٹ پر شدید تنقید کا نشانہ بنایا جارہا ہے جبکہ کچھ صارفین نے انہیں غدار تک قرار دیا۔بھارت نے رات گئے پاکستان کے خوف میں پنجاب کنگز اور دہلی کیپٹلز کے درمیان میچ منسوخ کردیا تھا جس کے فوراً بعد کرکٹر کی جانب سے یہ ٹوئٹ کیا گیا۔واضح رہے کہ پہلگام واقعے کے بعد بھارتی جارحیت پر پاکستان نے منہ توڑ جواب دیا تھا جس کے باعث فوجی چوکیوں سمیت رافیل طیاروں تباہ ہوگئے، جس سے ہندوستانی حکمرانوں کو دنیا بھر میں ہزیمت کا سامنا کرنا پڑا ادھر پاک بھارت کشیدگی کے باعث آئی پی ایل کا مستقبل بھی تاریک ہوگیا ہے جبکہ کئی غیر ملکی کرکٹرز سیکیورٹی مسائل کے سبب لیگ ادھوری چھوڑ کر جانے کی تیاری کررہے ہیں۔خیال رہے کہ بھارت کی جانب سے پاکستانی شہریوں کو نشانہ بنایا گیا

کوئٹہ میں (آج) باکسنگ کا انٹرنیشنل ایونٹ منعقد کیا جائیگا

ایونٹ میں ڈبلیو بی اے کے 3 ٹائٹل فائٹ سمیت 8 مقابلے ہوں گے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کی حکومت اور ورلڈ باکسنگ ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام (آج) ہفتہ کوئٹہ میں باکسنگ کا انٹرنیشنل ایونٹ منعقد کیا جائیگا، ایونٹ میں شرکت کے لیے انٹرنیشنل باکسرز کوئٹہ پہنچ گئے ہیں، ایونٹ میں ڈبلیو بی اے کے 3 ٹائٹل فائٹ سمیت 8 مقابلے ہوں گے۔ایونٹ میں شرکت کے لیے کوئٹہ پہنچنے والے انٹرنیشنل باکسرز نے کوئٹہ میں پریس کانفرنس کی اور بہترین مہمان نوازی اور اچھا ماحول فراہم کرنے پر پاکستان اور بلوچستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ایک خوبصورت ملک ہے، کوئٹہ آ کر انہیں اچھا محسوس ہوا اور عزت ملی۔انٹرنیشنل باکسرز نے کہا کہ پاکستان آکر وہ پرجوش ہیں، باکسنگ کے دلچسپ مقابلے ہوں گے، ہمارا فوکس اپنی فائٹ پر ہوگا، کوشش ہوگی کہ اپنی فائٹ جیت جائیں۔پریس کانفرنس کے موقع پر شہریوں نے باکسنگ کے انٹرنیشنل فائٹرز کو اپنے درمیان میں پاکر خوشی کا اظہار کیا اور باکسرز کے ساتھ سلفیاں بھی لیں۔10 مئی کو ہونے والے انٹرنیشنل باکسنگ کے ایونٹ میں ڈبلیو بی اے کے 3 ٹائٹل فائٹ سمیت 8 مقابلے ہوں گے جس میں پاکستان، فلپائن، میکسیکو، وینزویلا، یوکے اور مراکو سمیت مختلف ممالک کے مجموعی طور پر 16 باکسرز اپنی صلاحیتوں کے جوہر دکھائیں گے۔بلوچستان کی حکومت اور ورلڈ باکسنگ ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام (آج) ہفتہ کوئٹہ میں باکسنگ کا انٹرنیشنل ایونٹ منعقد کیا جائیگا، ایونٹ میں شرکت کے لیے انٹرنیشنل باکسرز کوئٹہ پہنچ گئے

35 ویں نیشنل گیمز 6 سے 13 دسمبر 2025 تک کراچی میں کرانے کا فیصلہ

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے 35 ویں نیشنل گیمز 6 سے 13 دسمبر 2025 تک کراچی میں کرانے کا فیصلہ کیا ہے اس ضمن میں وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ سے پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کے وفد نے ملاقات کی۔ وفد کی سربراہی پی او اے کے صدر عارف سعید نے کی جبکہ وزیراعلیٰ سندھ کے پرنسپل سیکریٹری آغا واصف اور سیکریٹری اسپورٹس عبدالعلیم لاشاری بھی موجود تھے۔ ملاقات میں 35 ویں نیشنل گیمز 2025 کے شیڈول اور اس کی منصوبہ بندی پر گفتگو کی گئی، سیکریٹری اسپورٹس سندھ عبدالعلیم لاشاری نے جاری تیاریوں اور لاجسٹک منصوبوں پر بریفنگ دی۔ وزیراعلیٰ سندھ نے کراچی میں نیشنل گیمز کے انعقاد کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے وفد کو گیمز کی کامیابی کیلئے اپنی مکمل حمایت کا یقین دلایا

سیکنڈ سیڈ ڈآیگناٹالی سویٹیک اٹالین اوپن ٹینس ویمنز سنگلز تیسرے راؤنڈ میں داخل

روم (این این آئی) پولینڈ کی نامور ٹینس سٹار، ایونٹ کی سیکنڈ سیڈ اور پانچ گرینڈ سلام ٹائٹلز کی فاتح آیگناٹالی سویٹیک ڈبلیو ٹی اے اٹالین اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں خواتین کے سنگلز مقابلوں کا فاتحانہ آغاز کرتے ہوئے تیسرے راؤنڈ میں پہنچ گئی۔23 سالہ پولینڈ کی ٹینس سٹار آیگناٹالی سویٹیک نے ویمنز سنگلز مقابلوں کے دوسرے راؤنڈ میں وائلڈ کارڈ پر انٹری حاصل کرنے والی میزبان حریف ٹینس کھلاڑی ایلیسیبا کوکیرینو کو شکست دی۔اٹالین اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں شائقین ٹینس کو انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے دیکھنے کو ملیں گے۔

مارنس لبوشین مسلسل پانچویں کاؤنٹی سیزن میں گلیمورگن کاؤنٹی کی نمائندگی کریں گے

کینبرا (این این آئی) آسٹریلیا کی مردوں کی کرکٹ ٹیم کے مایہ ناز پلے باز مارنس لبوشین مسلسل پانچویں کاؤنٹی سیزن میں گلیمورگن کاؤنٹی کی نمائندگی کریں گے۔میڈیا رپورٹ کے مطابق گلیمورگن کاؤنٹی نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ مارنس لبوشین مسلسل پانچویں سیزن میں گلیمورگن کاؤنٹی کی نمائندگی کریں گے۔آسٹریلوی بلے باز صرف دو چیمپئن شپ میچز کے لئے گلیمورگن کاؤنٹی کو دستیاب ہوں گے، جو رواں سال جون میں جنوبی افریقہ کے خلاف ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ (ڈبلیو ٹی سی) فائنل سے قبل تیاری کے لئے اہم ہوگا۔

شوبز

فیصل قریشی بھارتی فنکاروں پر برہم، پاکستانی شہریوں کو بھی مشورہ دیدیا

مقبوضہ کشمیر کے سیاحتی مقام پہلگام میں جو کچھ ہوا وہ ابھی تک ثابت نہیں ہوا اور نہ ہوگا، فیصل قریشی



کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکار فیصل قریشی نے بھارتی فنکاروں کی جانب سے آپریشن سندور کو کامیاب بنا کر پیش کرنے پر آڑے ہاتھوں لے لیا۔سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو شیئر کرتے ہوئے فیصل قریشی نے بھارتی فنکاروں سے مخاطب ہو کر کہا کہ بھارتی فنکاروں کی کیا بات ہے، اپنے ملک کی کامیابی پر آپ سب نے ایک جیسی ٹوئٹس کی ہیں، بہت زبردست حملہ کیا ہے، دہشتگردی ختم کرنے میں بھارت نے بڑا کمال دکھایا ہے، بات سمجھ آتی ہے ان پر پریشر ہے، اس لیے جو بھی انہیں کہا جاتا ہے وہ بیچارے چھاپ دیتے ہیں، چھاپنے سے پہلے اپنے اندر ذرا سا تو گردا رکھو، ایک بچہ شہید ہوا ہے۔انہوں نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر کے سیاحتی مقام پہلگام میں جو کچھ ہوا وہ ابھی تک ثابت نہیں ہوا اور نہ ہوگا، وہ پوری دنیا نے دیکھا ہے، کون سی کامیابی ملی ہے؟ تم لوگوں کے جہاز گرے ہیں، ایک بچے کو شہید کیا ہے اور لوگ بھی شہید ہوئے ہیں لیکن بچے کا بہت دکھ ہے، ہم مسلمانوں کیلئے شہادت ایک اعلیٰ مقام ہے، ایک بیگناہ بچہ مارا گیا ہے اور تم لوگ خوشیاں منا رہے ہو،

تمام بھارتی فنکاروں کو ان فالو اور بلاک کردیا جائے، اداکارہ دانیہ انور



کراچی (شوبز رپورٹر) پاکستان شوبز انڈسٹری کی ابھرتی ہوئی اداکارہ دانیہ انور بھی معصوم پاکستانیوں کے جانی نقصان پر خوش ہونے والے بھارتی اداکاروں پر برس پڑیں۔دانیہ انور نے اپنی انسٹا اسٹوری پر لکھا کہ ہمیں تمام بھارتی فنکاروں کو ان فالو اور بلاک کر دیا جائے۔انہوں نے کہا کہ آرٹ کے نام پر ان تمام بھارتی فنکاروں کی حمایت کرنا بند کریں جو سوشل میڈیا پر پاکستان کے خلاف بھارت کے بزدلانہ اقدام کی حمایت کررہے ہیں۔

ماہرہ خان کا بھارت کے بزدلانہ حملے پر کرارا جواب

تمہاری سب سے طاقتور آوازیں خوف سے خاموش ہیں ، ماہرہ خان



کراچی (این این آئی) پاکستانی سپر اسٹار ماہرہ خان نے بھارت کے رات کی تاریکی میں کیے گئے بزدلانہ حملے پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے بھارت کو کھری کھری سنادی۔سوشل میڈیا پر شیئر کی گئی پوسٹ میں ماہرہ خان نے لکھا کہ میں شکر گزار ہوں کہ ایک ایسے ملک میں رہتی ہوں جہاں مجھے یہ نہیں بتایا جاتا کہ مجھے کیا کہنا ہے، میرے پاس آواز ہے اور میں اس کا استعمال کرسکتی ہوں۔ماہرہ خان نے لکھا کہ جب ہماری سرزمین پر ناانصافی ہوتی ہے تو ہم آواز اٹھاتے ہیں، ہم تشدد کی مذمت کرتے ہیں، حتیٰ کہ ہمارے ملک پر بغیر کسی ثبوت کے الزام لگایا جاتا ہے، بھارت کی جانب سے کئی سالوں سے جاری جنگ اور نفرت انگیز بیان بازی کو ہم سب نے اپنی آنکھوں سے دیکھا اور تجربہ کیا، تمہارا میڈیا نفرت کو ہوا دے رہا ہے

اپنا اسٹنٹ ہمیشہ خود کیا، آئندہ بھی ایسا ہی کروں گا، جیکی چن

جیکی چن اپنی آئندہ آنیوالی فلم کی چھٹی قسط میں مسٹر ہان کا کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہیں



ہانگ کانگ (این این آئی) ہانگ کانگ سے تعلق رکھنے والی معروف اداکار جیکی چن کا کہنا ہے کہ وہ اپنا اسٹنٹ ہمیشہ خود کیا، ریٹائرمنٹ کے دن تک ایسا خود ہی کریں گے، تاہم انکا یہ بھی کہنا تھا کہ وہ کبھی ریٹائر نہیں ہوں گے۔ 71 سالہ سینئر اداکار نے اپنی فلم کی عالمی پروموشن کے دوران ایک انٹرویو میں کہا کہ میں نے ہمیشہ اپنا اسٹنٹ خود کیا اور آئندہ بھی خود ہی کروں گا اور سچی بات تو یہ ہے کہ جب ایک چیز آپ 64 برس تک کریں تو مزید جسمانی تیاری کی کوئی ضرورت نہیں، سب کچھ آپ کے دل اور روح میں ہوتی ہے۔

پیسہ انسان کی عزت نفس اور وطن کی عزت سے بڑھ کر نہیں ہوتا، شان شاہد



لاہور (این این آئی) اداکار شان شاہد نے کہا ہے کہ پیسہ انسان کی عزت نفس اور وطن کی عزت سے بڑھ کر نہیں ہوتا۔ایکس پر شان نے پاکستان اور بھارت کے درمیان جاری حالیہ کشیدگی پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے لکھا کہ میں نے بھارت میں کبھی کام نہیں کیا اور ہمیشہ لوگوں کی توجہ پاکستان کیلئے بھارت میں موجود نفرت کی جانب دلوائی۔انہوں نے لکھا کہ میں ہمارے فنکاروں کے وہاں جا کر کام کرنے اور ان کے فنکاروں کے یہاں آکر کام کرنے کی ہمیشہ مخالفت کی۔

جنگ کو گلیمرائز کرنا بند کریں، زارا نور عباس بھارتی میڈیا پر برس پڑیں

جنگ کوئی مذاق نہیں، صرف وہی لوگ اس کا اصل درد سمجھتے ہیں جو کسی قریبی شخص کو کھو چکے ہوں



کراچی (این این آئی) معروف پاکستانی اداکارہ زارا نور عباس نے حالیہ کشیدہ حالات کے تناظر میں بھارتی سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے جنگ کے حق میں تبصرے اور خوشی منانے کے رویے پر سخت ردعمل دیا ہے۔سوشل میڈیا پر جاری کیے گئے ایک ویڈیو بیان میں انہوں نے کہا کہ جنگ کوئی مذاق نہیں، صرف وہی لوگ اس کا اصل درد سمجھتے ہیں جو کسی قریبی شخص کو کھو چکے ہوں۔اداکارہ کا کہنا تھا کہ آپ خوش ہو رہے ہیں کہ ہم نے جنگ شروع کردی مگر جنگ میں جن کی جانیں جاتی ہیں ان کی مائیں ان کی بیویوں اور بچوں کو اس کا نقصان اٹھانا پڑتا ہے تکلیف ان ہی کو ہوتی ہے جن کے پیارے دنیا سے چلے جاتے ہیں۔ زارا نے اپنی پوسٹ میں بھارتی میڈیا کی جانب سے لاہور اور کراچی پر مبینہ حملوں کی جھوٹی خبروں کو بھی بے نقاب کیا۔

طلاق کے بعد میں اب پہلے سے زیادہ مضبوط ہوں، جنیفر لوپیز

بین ایفلیک اور جنیفر لوپیز کا رشتہ ہالی ووڈ کی سب سے مشہور کہانیوں میں شمار ہوتا ہے



نیو یارک (این این آئی) معروف گلوکارہ و اداکارہ جنیفر لوپیز نے کہا ہے کہ طلاق کے بعد پہلے سے زیادہ مضبوط ہوں۔ایک انٹرویو میں جنیفر نے انکشاف کیا کہ میں نے اپنے 17 سالہ جڑواں بچوں میکس اور ایمی سے ایک عہد کیا تھا کہ یہ مشکل وقت ہے، لیکن تم دیکھو گے کہ میں اس سے زیادہ بہتر اور مضبوط بن کر نکلوں گی۔انہوں نے کہا کہ میں نے یہ وعدہ پورا کیا اور اب وہ خود بھی یہ محسوس کرتے ہیں، یہ میرے دل کو سکون دیتا ہے۔طلاق کے بعد جنیفر لوپیز نے نا صرف اپنی زندگی کو سنبھالا بلکہ ایک بار پھر سٹیج پر واپسی کی تیاری کرلی وہ 2025 میں اپنا نیا میوزیکل ٹورایپ آل نائٹ Up All Night شروع کرنے جا رہی ہیں۔بین ایفلیک اور جنیفر لوپیز کا رشتہ ہالی ووڈ کی سب سے مشہور کہانیوں میں شمار ہوتا ہے۔

حبا بخاری نے اپنے جعلی ایکس اکاؤنٹ کی وضاحت پیش کردی

ایکس پر موجود نہیں، میرے نام سے چلنے والا اکاؤنٹ جعلی ہے، اداکارہ



لاہور (این این آئی) اداکارہ حبا بخاری نے جعلی ایکس اکاؤنٹ کی جانب سے ان سے منسوب کیے گئے متنازع بیان پر ردعمل دیتے ہوئے وضاحت پیش کی ہے کہ ان کا کوئی آفیشل ٹوئٹر اکاؤنٹ نہیں ہے۔گزشتہ دنوں سوشل میڈیا پر ایک اکاؤنٹ نے سابق وزیراعظم عمران خان سے متعلق ایک بیان حبا بخاری کے نام سے شیئر کیا تھا جس پر صارفین کی جانب سے مختلف ردعمل سامنے آیا۔حبا بخاری نے مداحوں کو آگاہ کیا کہ وہ ایکس (ٹوئٹر) پر موجود نہیں ہیں

ایمن خان نے پاکستان کیخلاف بولنے والے بھارتی سٹارز کی فہرست شیئر کردی



اسلام آباد (شوبز رپورٹر) اداکارہ و ماڈل ایمن خان نے پاکستان کے خلاف زہر اگلنے والے بھارتی فنکاروں کی فہرست شیئر کی ہے۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان چل رہی کشیدگی کے دوران پاکستان کے نامور ستارے صرف امن کی بات کر رہے ہیں جبکہ بھارتی فنکار مودی حکومت سمیت بھارتی تشدد پسند جماعت آر ایس ایس کی گڈ بک میں آنے کیلئے پاکستان مخالف زہر آلود بیانات دے رہے ہیں

پاک بھارت کشیدگی، عمران عباس کا وطن کے ہیروز کو خراجِ تحسین



اسلام آباد (این این آئی) اداکار عمران عباس نے وطن عزیز کے ہیروز کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے 'اے وطن کے سجیلے جوانو' نغمہ ریلیز کردیا۔عمران عباس نے سوشل میڈیا پر ترانہ گایا اور اپنے جذبات قوم کے ساتھ بانٹتے ہوئے لکھا کہ یہ میرے ان بھائیوں کیلئے ہے جو وطن عزیز کی حفاظت میں سینہ سپر ہیں

NATIONAL/INTERNATIONAL

نیشنل/انٹرنیشنل



حج کیلئے روانہ انڈونیشین خاتون مدینہ جاتے ہوئے انتقال کرگئی

جکارتہ (پی ایم این) انڈونیشیا سے شوہر کے ساتھ حج کیلئے روانہ خاتون سعودی عرب لینڈنگ سے قبل ہی انتقال کرگئی۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق 65 سالہ خاتون کا تعلق انڈونیشیا کے وسطی صوبے جاوا سے ہے، خاتون مدینہ جانیوالی پرواز میں موجود تھیں جس دوران خاتون نے چکر آنے کی شکایت کی اور پھر گر کر انتقال کرگئیں۔میڈیا رپورٹس کے مطابق خاتون کے جہاز میں انتقال کے بعد کی ویڈیو بھی سعودی میڈیا کے سوشل میڈیا پر شیئر کی گئی ہے جس میں پرواز کے ایک کونے میں جنازے کو دیکھا جاسکتا ہے۔خاتون کا انتقال 3 مئی کے روز ردو پہر 3 بج کر 12 منٹ پر ہوا جب کہ خاتون کی شناخت 65 سالہ دائمہ کے نام سے ہوئی ہے۔



واشنگٹن، ڈی سی میں وائٹ ہاؤس کے ایسٹ روم میں سابق خاتون اول باربرا بش کے اعزاز میں امریکی پوسٹل سروس کے ڈاک ٹکٹ کی نقاب کشائی کے دوران گفتگو کررہی ہیں

مسلح افواج پوری قوت کے ساتھ ملک کا دفاع کریں گی، کمانڈر ایرانی فضائیہ

دنیا میں علم روشنی کی رفتار سے آگے بڑھ رہا ہے اور ہمیں بھی اس سے پیچھے نہیں رہنا چاہیے، خطاب

تہران (پی ایم این) ایرانی فضائیہ کے کمانڈر حمید واحدی نے اعلان کیا ہے کہ ایرانی فوج کے تمام جنگی طیاروں کو اب مقامی سطح پر تیار کردہ طویل فاصلے تک ہدف کو نشانہ بنانے والے میزائلوں، اسلحہ اور ساز وسامان سے لیس کردیا گیا ہے۔عرب ٹی وی کے مطابق انہوں نے گزشتہ روز ہوابازوں کی پہلی انفرادی پرواز کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایران کی مسلح افواج پوری قوت کے ساتھ ملک کا دفاع کریں گی۔انہوں نے زور دیا کہ ملک ایک نہایت حساس مرحلے سے گزر رہا ہے اور ایسے افسران کی ضرورت ہے جو مہارت اور وابستگی وعزم سے لیس ہوں۔انہوں نے کہا کہ دنیا میں علم روشنی کی رفتار سے آگے بڑھ رہا ہے اور ہمیں بھی اس سے پیچھے نہیں رہنا چاہیے۔ایران کی جانب سے یہ بیانات ایسے وقت میں سامنے آئے ہیں جب اسرائیلی وزیر دفاع یسرائیل کاتز نے جمعرات کو خبردار کیا کہ جو کچھ اسرائیل نے حوثیوں کے ساتھ کیا، وہی ایران کے ساتھ بھی کرے گا۔یہ اشارہ چند روز قبل یمن میں حوثی اہداف پر اسرائیلی حملوں کی طرف تھا۔جب اسرائیلی وزیر دفاع یسرائیل کاتز نے جمعرات کو خبردار کیا کہ جو کچھ اسرائیل نے حوثیوں کے ساتھ کیا، وہی ایران کے ساتھ بھی کرے گا۔

چلی میں چھوٹا ایمبولینس طیارہ گر کر تباہ، 6 افراد ہلاک

سانتیاگو (پی ایم این) چلی میں ایک چھوٹا ایمبولینس طیارہ گر کر تباہ ہونے سے اس پر سوار 6 افراد ہلاک ہوگئے۔ غیر ملکی میڈیا نے میٹروپولیٹن ریجن کے صدارتی مندوب گونزالو دوران کی پریس کانفرنس کے حوالے سے بتایا کہ طیارہ سانتیاگو کے مضافاتی قصبے کوراکاوی میں حادثے کا شکار ہوا، ہم سوگوار خاندانوں سے تعزیت کا اظہار کرتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ حادثے کی تحقیقات جاری ہیں

پاکستان دنیا بھر میں امن و استحکام کا خواہاں ہے، عثمان جدون

پاکستان جزیرہ نما کوریا کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے سفارتی سرگرمیوں اور بات چیت پر زور دیتا ہے، گفتگو

نیویارک (پی ایم این) اقوام متحدہ میں پاکستان کے نائب مستقل مندوب عثمان جدون نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کو بتایا کہ ہم سلامتی کونسل کی قراردادوں کے فریم ورک کے اندر عالمی عدم پھیلاؤ کے اصولوں اور جزیرہ نما کوریا کو جوہری ہتھیاروں سے پاک کرنے کے مقصد کی حمایت کرتے ہیں، پاکستان اپنے اور دنیا کے دیگر خطوں میں امن و استحکام کا خواہاں ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق انہوں نے عدم پھیلاؤ / عوامی جمہوریہ کوریا کے عنوان سے ایک بحث کے دوران کہا کہ پاکستان جزیرہ نما کوریا کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے سفارتی سرگرمیوں اور بات چیت پر زور دیتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم سلامتی کونسل کی قراردادوں کے فریم ورک کے اندر عالمی عدم پھیلاؤ کے اصولوں اور جزیرہ نما کوریا کو جوہری ہتھیاروں سے پاک کرنے کے مقصد کی حمایت کرتے ہیں اور دنیا میں کہیں بھی جوہری تجربے کی بحالی کی مخالفت کرتے ہیں اور کسی بھی رکن ملک کی طرف سے یو این ایس سی کی قراردادوں کی خلاف ورزی کو بغیر کسی استثنا کے تشویش کے ساتھ دیکھتے ہیں۔سفیر عثمان جدون نے تمام متعلقہ افراد پر زور دیا کہ وہ تحمل کا مظاہرہ کریں اور موجودہ تنا میں اضافہ نہ کریں یا کوئی ایسا اقدام نہ کریں جو امن و سلامتی کے لیے نقصان دہ ہو۔انہوں نے کہا کہ سلامتی کونسل کو خطے میں تنا کو کم کرنے کے طریقے تلاش کرنے، اعتماد اور سلامتی کی تعمیر کے اقدامات کی حوصلہ افزائی کرنے میں قیادت کرنی چاہیے۔پاکستانی سفیر نے جزیرہ نما کوریا کو جوہری ہتھیاروں سے پاک کرنے اور عدم پھیلاؤ کے مشترکہ مقاصد کے حصول کے لیے اجتماعی کارروائی کی ضرورت پر زور دیا۔ساتھ ہی انہوں نے کہا کہ پاکستان کسی بھی ایسے اقدام یا مداخلت کی مخالفت کرتا ہے جو جزیرہ نما کوریا کو مزید غیر مستحکم کرسکتا ہے اور خطے میں موجودہ کشیدگی میں اضافہ کرسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہمیں امید ہے کہ سلامتی کونسل مذاکرات کو بحال کرنے اور خطے میں کشیدگی اور امن و سلامتی کو لاحق خطرات کو کم کرنے میں اپنا کردار ادا کرنے میں اتحاد کا مظاہرہ کرے گی۔پاکستانی سفیر نے جزیرہ نما کوریا کو جوہری ہتھیاروں سے پاک کرنے اور عدم پھیلاؤ کے مشترکہ مقاصد کے حصول کے لیے اجتماعی کارروائی کی ضرورت پر زور دیا ہم دنیا میں کہیں بھی جوہری تجربے کی بحالی کی مخالفت کرتے ہیں اور کسی بھی رکن ملک کی طرف سے یو این ایس سی کی قراردادوں کی خلاف ورزی کو بغیر کسی استثنا کے تشویش کے ساتھ دیکھتے ہیں

سعودی عرب میں اعلیٰ سطح پر تقرریاں اور تبادلے، متعدد عہدیداران کو نئے عہدے تفویض

جازان ریجن کے گورنر شہزادہ محمد بن ناصر بن عبدالعزیز آل سعود کو ان کے منصب سے سبکدوش کردیا گیا

ریاض (پی ایم این) خادم الحرمین شریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز نے جامع شاہی فرمان جاری کرتے ہوئے مملکت کی مختلف گورنریوں اور سرکاری اداروں میں اعلیٰ سطح پر تقرریوں اور تبدیلیوں کا اعلان کیا ہے۔عرب ٹی وی کے مطابق شاہی فرمان کے تحت متعدد اہم عہدوں پر نئے عہدیداروں کو تعینات کیا گیا ہے اور بعض کو ان کے منصبوں سے سبکدوش کردیا گیا ہے۔شاہی فرمان کے تحت جازان ریجن کے گورنر شہزادہ محمد بن ناصر بن عبدالعزیز آل سعود کو ان کے منصب سے سبکدوش کردیا گیا ہے اور ان کی جگہ شہزادہ محمد بن عبدالعزیز بن محمد بن عبدالعزیز آل سعود کو وزیر کے برابر عہدے کے ساتھ جازان کا نیا گورنر مقرر کیا گیا ہے۔اسی طرح شہزادہ ناصر بن محمد بن عبداللہ بن جلوی آل سعود کو نائب گورنر جازان تعینات کیا گیا ہے۔اس کے علاوہ قصیم گورنری میں شہزادہ فہد بن سعد بن فیصل بن سعد آل عبدالرحمٰن آل سعود کو نائب گورنر مقرر کیا گیا ہے۔



ماسکو: روسی صدر ولادیمیر پوتن (سی)، کرغزستان کے صدر سدیر جاپاروف (ایل)، چینی صدر شی جن پنگ (2 ایل)، استوائی گنی کے صدر تیوڈورو اوبیانگ نگوما مباسوگو (2R) اور تاجک صدر امام علی رحمان کی تقریب کے دوران نامعلوم افسران کو دیکھ رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

اوکاڑہ: پاک افواج کے مشن بنیان المرصوص کی کامیابی کا جشن

وفاقی وزیر آبی وسائل میاں معین وٹو، ایم پی اے نور الامین ناصر وٹو، ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید اور شہریوں کی بڑی تعداد نے ریلی میں شرکت کی



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) پاک افواج کے مشن بنیان المرصوص کی کامیابی کا جشن، ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام ضلع کونسل سے عظیم الشان ریلی کا انعقاد کیا گیا، وفاقی وزیر آبی وسائل میاں معین وٹو، ایم پی اے نور الامین ناصر وٹو، ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید، ڈی پی او راشد ہدایت، لیگی رہنما راؤ محمد اجمل، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ چوہدری عبدالجبار گجر، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ محمد عمر طیب سمیت دیگر محکموں کے افسران، انجمن تاجران سول سوسائٹی اور شہریوں کی بڑی تعداد نے ریلی میں شرکت کی، پاکستانی پرچم تھامے ریلی کے شرکا نے پاک افواج سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے ان کے حق میں بھرپور انداز میں نعرے بازی کی، وفاقی وزیر آبی وسائل میاں معین وٹو نے کہا کہ بزدل دشمن بھارت کو پوری طاقت کیساتھ دنداں شکن جواب دے کر جیت اپنے نام کی اور مودی سرکار کو منہ کی کھانا پڑی۔ ان باتوں کا اظہار صدر پرائیویٹ سکولز ماڈل ٹاؤن اکوئی پروفیسر ذوالفقار کریا کھانڈ نے منظم انداز میں بھارت کے خلاف تاریخ توڑ کارروائی کرتے ہوئے ان کو منہ توڑ جواب دیا اور پاکستانی عوام کی امنگوں کی ترجمانی کی، پاک فضائیہ نے منہ توڑ جواب دیتے ہوئے بھارت کے ڈیفنس سسٹم کی کمر توڑ دی، پوری پاکستان قوم نے پاک افواج سے شاندار انداز میں اظہار یکجہتی کا مظاہرہ کیا، دنیا نے دیکھ لیا کہ پاکستان ناقابل تسخیر ملک ہے، ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے کہا کہ پاکستانی قوم کے لیے آج خوشی اور جشن کا دن ہے، ہماری آزادی کے تحفظ کے لیے پاک افواج کا کردار ہمیشہ سے مثالی رہا ہے، آزادی کے دفاع کے لیے مسلح افواج کے شانہ بشانہ عوام بھی ہر طرح کی قربانی کے لیے ہر دم تیار ہے، ملکی سالمیت کے لیے ہر مشکل سے نبرد آزما ہونے کے لیے قوم پوری طرح متحد ہے، ڈی پی او راشد ہدایت نے کہا کہ پاک افواج ہمارے ملک کے چپے چپے کی بھرپور انداز میں حفاظت کر رہی ہے۔

پاک فوج ہمارا فخر ہے، ہماری پہچان ہے: راؤ کامران خان

ہر بار پاک فوج نے فولادی عزم، بے مثال قربانی اور جنگی مہارت سے اُس کے عزائم کو خاک میں ملا دیا

عارفوالا (امیر احمد خان سے) قلم سے نکلے گا سچ، اور سچ یہ ہے کہ پاک فوج زندہ باد ہے بطور ایک ذمہ دار صحافی، میرا کام صرف خبریں دینا نہیں بلکہ قوم کے احساسات کی ترجمانی کرنا بھی ہے۔ آج اگر قوم کے دل کی دھڑکن کو لفظوں میں سمیٹنا ہو، تو ایک ہی صدا گونجتی ہے۔ پاک فوج ہمارا فخر ہے، ہماری پہچان ہے، اور ہماری آخری امید ہے ہم نے دیکھا ہے وہ دن جب دشمن بھارت نے سازشوں، جھوٹے پراپیگنڈے اور ناپاک ارادوں سے وطن عزیز کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی۔ مگر ہر بار پاک فوج نے فولادی عزم، بے مثال قربانی اور جنگی مہارت سے اُس کے عزائم کو خاک میں ملا دیا۔ یاد رکھو بھارت یہ پاکستان ہے تمہارے پروپیگنڈے سے نہیں، شہداء کے لہو سے بنا ہے۔ یہاں ہر سپاہی، ہر افسر، اور ہر شہری وطن کے لیے جینے مرنے کا جذبہ رکھتا ہے۔ ہم امن کے داعی ضرور ہیں، مگر اگر کوئی چیلنج کرے، تو پاک فوج تمہارے غرور کو خاک میں ملانے کا فن خوب جانتی ہے جیسے 27 فروری کو تم نے دیکھا کشمیر کی آزادی ہو سرحدوں کا دفاع ہو یا دہشتگردی کے خلاف جنگ پاک فوج ہر محاذ پر سیسہ پلائی دیوار ہے۔ دشمن لاکھ زہر اگلے، مگر یہ فوج نہ بکی ہے، نہ جھکی ہے، نہ کبھی جھکے گی پاکستان ایک حقیقت ہے

افواج پاکستان کی بھرپور کارروائی سے بھارت کو شکست ہوئی: پروفیسر ذوالفقار کریا کھانڈ

قوم اپنی عظیم الشان جیت پر یوم تشکر منا رہی ہے۔ پرنسپل دی نائج ان سکول



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) الحمدللہ۔ اللہ تعالیٰ نے وطن عزیز پاکستان کی حفاظت فرمائی اور بہادر افواج پاکستان نے بہترین جنگی حکمت عملی اور زبردست و بھرپور کاروائی سے دشمن بھارت کو پوری طاقت کیساتھ دنداں شکن جواب دے کر جیت اپنے نام کی اور مودی سرکار کو منہ کی کھانا پڑی۔ ان باتوں کا اظہار صدر پرائیویٹ سکولز ماڈل ٹاؤن اکوئی پروفیسر ذوالفقار کریا کھانڈ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ پاکستان نے اللہ کے فضل و کرم سے اپنے سے کئیں گنا بڑے دشمن بھارت کو جارحیت کا ان کے گھر میں گھس کر ایسا کرارا جواب دیا کہ کم از کم ایک سال لگے گا بھارتی سینا کو ہنی سینا اور ایئر فیلڈ زکوری ٹیلیٹیڈ کرتے ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ ہنگامی صورتحال کے بعد اب انشاء اللہ ملکی حالات نارمل ہو چکے ہیں لہذا کل سوموار 12 مئی سکول معمول کے مطابق کھلے گا۔ اور طلباء وطالبات کے ماہانہ ٹیسٹ ڈیٹ شیٹ کے مطابق 12 ہونگے۔

پاک فوج کی کامیابی پر متحدہ شہری محاذ کے زیر اہتمام جشن

شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی، شرکاء نے قومی گیتوں پر بھنگڑے ڈالے، مٹھائیاں تقسیم کیں



میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) پاک فوج کی کامیابی پر متحدہ شہری محاذ کے زیر اہتمام جشن، بھنگڑے، آتشبازی اور مٹھائی کی تقسیم۔ تفصیلات کے مطابق پاک فوج کی شاندار کامیابی پر متحدہ شہری محاذ کی جانب سے ٹی چوک میں جشن کا اہتمام کیا گیا، جس میں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی، شرکاء نے قومی گیتوں پر بھنگڑے ڈالے، مٹھائیاں تقسیم کیں اور آتشبازی کا خوبصورت مظاہرہ کیا، اس موقع پر رہنماؤں چوہدری منشاء کھکھ، صاحبزادہ میاں سجاد نازش، نواب اشعر حبیب، مدثر عمران بھٹہ، محسن قریشی و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہماری بہادر فوج ہمارا فخر ہے، جو ہر محاذ پر دشمن کو ناکام بناتی ہے۔

حافظ آباد کے علی ٹاؤن سے نامعلوم چور شہری کا موٹر سائیکل چرا لے گئے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد کے علی ٹاؤن سے نامعلوم چور شہری کا موٹر سائیکل چرا لے گئے۔ شہر بھر میں موٹر سائیکل چرائے جانے کی بڑھتی وارداتوں نے شہریوں کو جینا محال کر دیا۔ زبیر عباس سکنہ محلہ رحمن پورہ علی ٹاؤن میں اپنی سالی کے گھر آیا جہاں وہ گلی میں موٹر سائیکل کھڑی کر کے اندر چلا گیا۔ اس دوران نامعلوم چور اسکا موٹر سائیکل چرا کر رفو چکر ہو گئے۔ پولیس نے مقدمہ درج کر لیا۔

انحارج تحفظ مرکز انسپکٹر مدیحہ ارشاد کا مدرڈے پر اولڈ ایج ہوم کا دورہ

اولڈ ایج میں رہائش پذیر خواتین کے ہمراہ کیک کاٹا اور تحائف تقسیم کیے



فیصل آباد (میاں محمد ساجد) سٹی پولیس آفیسر صاحبزادہ بلال عمر کی ہدایت پر انچارج تحفظ مرکز انسپکٹر مدیحہ ارشاد نے مدر ڈے کے حوالے سے اپنی ٹیم کے ہمراہ اولڈ ایج ہوم کا وزٹ کیا اور خواتین کے ہمراہ کیک کاٹا اور تحائف تقسیم کیے اولڈ ایج ہوم آنے کا مقصد ماں کے عالمی دن کے حوالہ سے اولڈ ایج ہوم میں رہائش پذیر خواتین سے اظہار یک جہتی کرنا اور انہیں اپنایت اور تحفظ کا احساس دلانا تھا خواتین کی جانب سے سٹی پولیس آفیسر اور پولیس ٹیم کا شکریہ بھی ادا کیا گیا

ماں کی ممتا زندگی کا انمول سرمایہ ہے: محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ

ماں وہ مقدس بندھن ہے جو ہمیں اس دنیا میں لاتا ہے اور پھر اپنی آغوش میں ہماری پرورش کرتا ہے



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سن آف سیالکوٹ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کا مدرڈے پر چند باتی پیغام پیغام دیتے ہوئے کہا ہے کہ ماں کی ممتا زندگی کا انمول سرمایہ ہے ماں کی لازوال ممتا کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے انہوں نے اپنے پیغام میں کہا کہ ماں کا پیار ایک ایسا عظیم جذبہ ہے جو انسان کی پوری زندگی پر محیط رہتا ہے اور اس کی یادیں ہمیشہ دل میں تازہ رہتی ہیں۔ محمد خالد وسیم نے کہا کہ ماں کا رشتہ دنیا کے تمام رشتوں میں منفرد اور بے مثال ہے۔ یہ وہ مقدس بندھن ہے جو ہمیں اس دنیا میں لاتا ہے اور پھر اپنی آغوش میں ہماری پرورش کرتا ہے۔ ماں صرف جنم ہی نہیں دیتی بلکہ اپنی محبت، صبر اور قربانیوں سے ہماری شخصیت کی تعمیر کرتی ہے۔ بچپن سے لے کر جوانی تک، ماں ہر قدم پر اپنے بچوں کی ڈھال بن کر کھڑی رہتی ہے اور ان کی کامیابی کے لیے ہر ممکن کوشش کرتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ماں کی ممتا ایک ایسا گہرا سمندر ہے جس کی کوئی انتہا نہیں ہے۔ اس میں شفقت، خلوص، ایثار اور بے لوث محبت کے انمول موتی بھرے ہوتے ہیں۔ ماں اپنی اولاد کی خوشی میں خوش اور ان کے دکھ میں برابر کی شریک ہوتی ہے۔ وہ اپنی تمام تر خواہشات کو پس پشت ڈال کر اپنے بچوں کے مستقبل کو سنوارنے میں مصروف رہتی ہے۔ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے اس موقع پر تمام ماؤں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ ماؤں کی دعائیں ہمارے لیے زندگی کے ہر میدان میں کامیابی کی ضمانت ہیں۔ ان کی تربیت اور رہنمائی ہی ہمیں معاشرے کا ایک کارآمد شہری بناتی ہے۔ ماؤں کے عالمی دن کا اصل مقصد یہ ہے کہ ہم سال کے اس ایک دن ہی نہیں بلکہ اپنی پوری زندگی میں اپنی ماؤں کے احسان کو یاد رکھیں اور ان کی خدمت اور احترام کو اپنا شعار بنائیں۔

نارنگ شہر اور اردگرد کے مراکز صحت میں طبی سرگرمیاں بحال نہ ہو سکیں اہل علاقہ کو شدید مشکلات کا سامنا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) نارنگ شہر اور اردگرد کے مراکز صحت میں طبی سرگرمیاں بحال نہ ہو سکیں اہل علاقہ کو شدید مشکلات کا سامنا حکومتی فیصلہ مکمل طور پر مسترد کرتے ہیں ہم عوام کی جنگ لڑ رہے ہیں ہسپتالوں کو ٹھیکے پر دینا عام آدمی کے مفاد میں نہیں محکمہ صحت کے ملازمین کا موقف تفصیل کے مطابق پنجاب حکومت کا فیصلہ دیہی مراکز صحت اور بنیادی مراکز صحت کو نجی ٹھیکیداروں کو دینے کے خلاف سرکاری ہسپتالوں میں احتجاج کا سلسلہ جاری ہے جس کے نتیجہ میں ہسپتالوں میں آنے والے مریضوں کو طبی سہولیات نہ ملنے کے برابر ہیں آوٹ ڈور برائے نام کھلے ہیں گائنی شعبہ ای پی آئی کے سوا تمام شعبہ جات کی بندش ہے جس سے پرائیویٹ ہسپتال کلینک اور اتائی عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں نجی ہاتھوں میں ہسپتال دینے سے ملازمین میں گہری تشویش پائی جا رہی ہے کہ ہمیں بے روزگار کر دیا جائے گا اور عوام کے لئے صحت کی سہولیات مزید مہنگی مشکل ہو جائیں گی ان کا کہنا تھا ہم عوام کی جنگ لڑ رہے ہیں حکومت کے فیصلہ کو یکسر مسترد کرتے ہیں۔

ننکانہ صاحب کے شہری افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے سڑکوں پر نکل آئے

ریلی میں تمام مکاتب فکر کے علمائے اکرام، تاجر برادری ضلعی افسران سمیت شہریوں کی بڑی تعداد موجود تھی



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ننکانہ صاحب کے شہری افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے سڑکوں پر نکل آئے۔ تفصیلات کے مطابق گول چکر سے ریلوے روڈ تک افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے ریلی نکالی گئی، ریلی کی قیادت ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے کی۔ ریلی میں تمام مکاتب فکر کے علمائے اکرام، تاجر برادری ضلعی افسران سمیت شہریوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔ شہریوں نے پاک فوج کے حق میں شدید نعرے بازی کی، بھنگڑے ڈالے اور مٹھائیاں تقسیم کیں۔ ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے پاکستان، افواج پاکستان اور پاکستانی عوام کو سرخرو کیا، افواج پاکستان نے قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا۔ ڈی سی نے کہا کہ مشکل وقت میں پاکستانی قوم یکجا ہو کر اپنی افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہوئی، افواج پاکستان نے جوابی کارروائی کرتے ہوئے دشمن کی توپیں خاموش کروا دیں۔ انہوں نے کہا کہ افواج پاکستان نے ہر محاذ پر دشمن کا ڈٹ کا مقابلہ کیا اور فتح یاب ہوئے۔

ملکی دفاع کے جذبے سے سرشار نوجوانوں کی بڑی تعداد سول ڈیفنس جہلم میں بطور رضا کار رجسٹر ہونے لگی

جہلم (بیورو رپورٹ) ملکی دفاع کے جذبے سے سرشار نوجوانوں کی بڑی تعداد سول ڈیفنس جہلم میں بطور رضا کار رجسٹر ہونے لگی۔ رجسٹریشن کا عمل تیزی سے جاری ہے۔ نوجوانوں کا جذبہ دیدنی تفصیلات کے مطابق موجودہ ملکی صورتحال میں نوجوانوں کو زیادہ سے زیادہ تربیت یافتہ بنانے اور کسی بھی ممکنہ ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ضلعی انتظامیہ جہلم کی جانب سے ڈپٹی کمشنر سید محمد میثم عباس کی خصوصی ہدایت پر سول ڈیفنس میں رضا کاروں کی بھرتی کا سلسلہ شروع کیا گیا جس میں اب تک سینکڑوں نوجوانوں نے خود کو بطور رضا کار رجسٹرڈ کروا کر اس عزم کا اظہار کیا کہ وطن عزیز کی خاطر ہر قسم کی قربانی دینے کے لیے تیار ہیں محکمہ سول ڈیفنس کا کہنا ہے کہ رجسٹر ہونے والے نوجوانوں کو سول ڈیفنس کی مکمل تربیت فراہم کی جائے گی اور ان کو بوقت ضرورت شہریوں کی حفاظت اور خدمت کے لیے کسی بھی وقت کہیں بھی تعینات کیا جا سکتا ہے۔

ڈی پی او فیصل شہزاد کے حکم پر سیالکوٹ پولیس کی مسیحی عبادتگاہوں کی سیکیورٹی ڈیوٹی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سیالکوٹ پولیس کے تمام ایس ایچ اوز و سیکیورٹی پر معمور اہلکاروں نے اتوار کے روز مسیحی برادری کی عبادت گاہوں کے باہر فول پروف سیکیورٹی سرانجام دی۔ ملک خرم شہزاد پبلک ریلیشنز آفیسر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ فیصل شہزاد کے حکم کے عین مطابق ضلع بھر میں مسیحی برادری کی عبادت گاہوں کے باہر سیالکوٹ پولیس کے چاک و چوبند دستے فول پروف سیکیورٹی یقینی بنانے کیلئے سرگرم عمل رہے۔ اس موقع پر چرچ انتظامیہ وعبادت کی غرض سے انیوالی مسیحی برادری نے جنگ میں پاکستان کی جیت پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے وطن عزیز پاکستان کی ترقی و خوشحالی کیلئے خصوصی دعائیہ تقریب منعقد کی۔ اس دوران مسیحی برادری نے سیالکوٹ پولیس کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سیالکوٹ پولیس کی موجودگی میں خود کو محفوظ تصور کرتے ہیں خدا پاکستان و سیالکوٹ پولیس کو قائم دائم رکھے

استحکام کے لیے پاک فوج کی قربانیاں ناقابلِ فراموش ہیں: احسن شاہد

قوم کو اپنی بہادر افواج پر فخر ہے، جو ہر محاذ پر ملک وقوم کے تحفظ کے لیے ہمہ وقت تیار رہتی ہیں

لاہور (خبر نگار) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن احسن شاہد نے افواجِ پاکستان کو زبردست خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ مادرِ وطن کے دفاع، سلامتی اور استحکام کے لیے پاک فوج کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قوم کو اپنی بہادر افواج پر فخر ہے جو ہر محاذ پر ملک وقوم کے تحفظ کے لیے ہمہ وقت تیار رہتی ہیں۔ احسن شاہد نے کہا کہ دشمنگردی کے خلاف جنگ ہو یا سرحدوں کی حفاظت، قدرتی آفات ہوں یا قومی تعمیر وترقی کے منصوبے افواجِ پاکستان نے ہمیشہ اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور جذبہ قربانی سے ملک وقوم کا سر فخر سے بلند کیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ تاجر برادری افواجِ پاکستان کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے اور وطنِ عزیز کے دفاع کے لیے ان کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ احسن شاہد نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پوری قوم متحد ہو کر پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ہر سازش کو ڈٹ کر مقابلہ کیا جائے گا

سابق وفاقی وزیر صحت اور ن لیگ کی مرکزی راہنما سائرہ افضل تارڑ نے گذشتہ روز صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق سے ملاقات کی

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) سابق وفاقی وزیر صحت اور ن لیگ کی مرکزی راہنما سائرہ افضل تارڑ نے گذشتہ روز صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق سے ملاقات کی۔ اس موقع پر انہوں نے حافظ آباد اور پنڈی بھٹیاں کو یکساں ترقی کے مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں۔

پنجاب سٹیزن پروگرام میں شامل کرنے کے حوالے سے تفصیلی گفتگو ہوئی۔ صوبائی وزیر نے یقین دہانی کرائی کہ دونوں شہروں میں سیوریج، سڑکوں کی تعمیر، صفائی اور دیگر بنیادی سہولیات کے منصوبے جلد شروع کیے جائیں گے تاکہ عوام کو بہتر شہری سہولیات میسر آسکیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق تمام چھوٹے اور بڑے شہروں کو یکساں ترقی کے مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں۔

ہمیں اپنی بہادر فوج پر فخر ہے: چوہدری انتظار حسن جٹ

پوری پاکستانی قوم متحد ہے اور آپنی افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چنیوٹ شہر کی معروف سیاسی وسماجی شخصیت چوہدری انتظار حسن جٹ نے اپنے بیان میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہمیں اپنی بہادر فوج پر فخر ہے جس طرح ہمارے مکار دشمن نے رات کی تاریکی میں حملہ کیا۔ اور ہماری بہادر افواج نے جس طرح مقابلہ کرتے ہوئے دشمن کے ناپاک عزائم خاک میں ملائے وہ ہمارے ملک کے لیے فخر کی بات ہے ہماری پاک فضائیہ نے جس طرح آپنے ملک کا دفاع کرتے ہوئے اپنے دشمن کے طیاروں کو تباہ کیا۔ یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ ہمارے ملک کا دفاع مظبوط ہاتھوں میں ہے جس طرح ہماری عبادت گاہوں پر حملہ اور سول افراد کی شہادت ہوئی یہ بھارت کی مکارانہ سوچ کی عکاسی کرتا ہے ہم بھارت پر یہ واضح کرتے ہیں کہ اس کے اس عمل کا جواب دینے کے لیے پوری پاکستانی قوم متحد ہے اور آپنی افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے چوہدری انتظار حسن جٹ کا مزید کہنا تھا کہ ہمارے دشمن سن لے کہ اس کا مقابلہ صرف پاکستان کی افواج کے ساتھ ہی نہیں بلکہ 25 کروڑ عوام کے ساتھ ہے کیونکہ پاکستانی قوم کا ہر فرد پاکستان کا فوجی ہے اور رہے گا۔

ڈاکٹر نگہت خورشید نے منفرد انداز میں خواتین اور بچوں کے ادب کی نمائندگی کی

انٹرنیشنل ادبی تنظیم کی جانب سے لکھنے والوں کی حوصلہ افزائی کے لیے ادبی ایوارڈ کا انعقاد کیا گیا



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈاکٹر نگہت خورشید نے منفرد انداز میں خواتین اور بچوں کے ادب کی نمائندگی کی ہے وڈاکٹر ہارون رشید بسمل انٹرنیشنل ادبی ایوارڈ کا انعقاد ڈسٹرکٹ کونسل ہال ننکانہ میں بسمل انٹرنیشنل ادبی تنظیم کی جانب سے گئے والوں کی حوصلہ افزائی کے لیے ادبی ایوارڈ کا انعقاد کیا گیا جس میں ملک بھر کے مختلف علاقوں سے کتابوں پر ایوارڈ اور سرٹیفکیٹ دیے گئے نمایاں کتھاریوں کو ادبی تاج بھی پہنائے گئے تقریب میں گوجرانوالہ سے احسان اللہ طاہر سومرو محمد یوسف چیمہ اسلام آباد سے ڈاکٹر ایوب صابر محبوب سرمد عاصی پور سے خضر حیات ایڈووکیٹ مبارک حسین سانگلیانی سے ڈاکٹر نوازش علی چنیوٹ سے ڈاکٹر نگہت خورشید جاوید بھٹی منیر شیروانی اسلام آباد سے محترمہ سبرین عارف علوی سرگودھا سے ہارون رشید بسم ارشاد احمد ڈیروی لاہور سے چوہدری تنویر سرور۔ طاہر سرور۔ شفقت اللہ ناز۔ مانسہرا سے حلیمہ سعدیہ کمالیہ سے محمد ضیاشاہد آزاد کبیر سے عبداللہ صغیر اسی مظفر گڑھ سے عتیق مظفر محمود اسلام عظیم جرمنی سے ممیہ مسرت پشاور سے ڈاکٹر شاہدہ سردار لیہ سے ممبر نقوی بالاکوٹ سے ڈاکٹر طارق علاوہ طاہر شیرازی۔ عبدالوحید بسمل یمن سے اور دیگر مختلف اصناف میں گئے والوں کو اسناد دی گئی ڈاکٹر نگہت خورشید کی کتابوں۔ ہال راک پر ڈاکٹر ہارون رشید بسم انٹرنیشنل گولڈ میڈل۔ ہمیں ہے۔ پیارے نبی دیاں باتاں پر ارشاد احمد ڈیروی انٹرنیشنل گولڈ میڈل۔ ایک نکاح کی فیصلت پر۔ جمیل انٹرنیشنل ایوارڈ دیے گئے تقریب کا انعقاد عظیم کے روح رواں جناب زاہد جمیل اور ان کی ٹیم نے کیا تقریب کی صدارت ڈاکٹر ہارون رشید بسم نے کی۔

آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر ضلعی انتظامیہ کی ریلی

پاکستان کو بھارتی جارحیت کا صبر وتحمل مگر دلیرانہ اور بھرپور جواب دینے پر زبردست انداز میں خراج تحسین پیش کیا گیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاک فوج کے آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر ضلعی انتظامیہ چنیوٹ کے زیر اہتمام الفتح ریلی نکالی گئی۔ سارا چنیوٹ پاک فوج کا شکریہ ادا کرنے سڑکوں پر نکل آیا اور افواج پاکستان کو بھارتی جارحیت کا صبر وتحمل مگر دلیرانہ اور بھرپور جواب دینے پر زبردست انداز میں خراج تحسین پیش کیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو انا عم، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل طلحہ سعید نے بڑی ریلی کی قیادت کی۔ میونسپل کمیٹی سے شروع ہونے والی ریلی ختم نبوت چوک پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی۔ اسسٹنٹ کمشنر چنیوٹ، چیف آفیسرز، ایجوکیشن اتھارٹی و زیبسلیم سمیت تمام ضلعی سربراہان اور ملازمین نے شرکت کی۔ ریلی میں ضلعی صدر انجمن تاجران حاجی محمد جمیل فخری، صدر بار ایسوسی ایشن مہر مقصود ہرل، صحافی برادری بھی شریک ہوئے۔ سیاسی برداری نے بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ ریلی کے دوران شرکاء نے قومی پرچم لہرائے جبکہ ویسٹ ورکرز بھنگڑا ڈال کر خ کا جشن منایا۔ شرکاء نے کہا کہ پوری قوم پاک فوج کی جرات بہادری اور قائدانہ صلاحیتوں کی معترف ہے اور بنیان مرصوص دنیا کی تاریخ کا کامیاب ترین آپریشن رہا۔ افواج پاکستان نے چند گھنٹوں میں بھارتی فوج کو ایکسپوز کر دیا۔ پاکستان کی دفاعی صلاحیت اور پیشہ وارانہ مہارت دنیا کے سامنے عیاں ہو گئی۔ انہوں نے کہا کہ افواج پاکستان کے کارنامے سنہری حروف میں لکھے جائیں گے جس نے دن کے اجالے میں بھارت کو ننگا جواب دیا۔ پاک فوج اعتماد اور شفافیت کا ثبوت ہے۔

پاک فوج سے اظہار یکجہتی کیلئے شاندار ریلی

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) پاک فوج سے اظہار یکجہتی کیلئے شاندار ریلی، تفصیلات کے مطابق پاک فوج سے اظہار یکجہتی اور خراج تحسین کے لئے اسسٹنٹ کمشنر ساجدہ رزاق کی قیادت میں ایک پروقار اور شاندار ریلی نکالی گئی، جس میں سرکاری افسران، ملازمین اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی، ریلی بلدیہ آفس سے شروع ہو کر ٹی چوک تک پہنچی، جہاں وطن سے محبت کے جذبے سے سرشار شرکاء نے قومی پرچم تھامے پاک فوج کے حق میں نعرے بلند کئے، اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر ساجدہ رزاق نے کہا کہ پاک فوج قوم کا فخر ہے۔



جنرل سید عاصم منیر نے بھارت کو شکست فاش دی ہے۔ رانا محمد عرفان

عظیم الشان فتح پر قوم کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ رانا فیصل

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سپہ سالار پاکستان جنرل سید عاصم منیر نے بھارتی جارحیت کا جواب بھارت کے اندر گھس کر دن کی روشنی میں ایسا دیا ہے جس پر اقوام عالم ششدر رہ گئے ہیں۔ بھارت سرکار روز نیا جھوٹ بیانیہ اور ڈیجیٹل میڈیا کے مکرو فریب اور جھوٹ پر مبنی بیانیہ اور پچاس سے زائد ڈرون حملے ناکام بنانے کے بعد صبر و تحمل جواب دے گیا تو رات کے اندھیرے میں حملے کرنے والے دشمن کو بہادر افواج پاکستان نے گھر کی نماز ہے بعد دن کے اجالے میں سورہ الفتح کی تلاوت کے بعد فتح میزائلوں اور پاک فضائیہ کے شاہینوں نے بھارت کے اندر گھس کر مکبر بھارت کو عبرت کا نشان بنا دیا۔ ان باتوں کا اظہار معروف کاروباری شخصیات رانا محمد عرفان اور رانا فیصل آف سیالکوٹ سویٹس اینڈ بیکرز نے میٹ دی پریس میں کیا۔ شرکاء کو مٹھائی کھلاتے ہوئے مبارکباد دیتے انہوں نے کہا کہ بلیسٹک میزائلوں اور پاکستان ایئر فورس کی ایئر سٹرائیک نے تین گھنٹوں میں انڈین ایئر بیسز، دفاعی شیلڈز سمیت انڈین جنگی جہازوں کو اڑنے سے قبل تباہ کر جنگ جیت کر دنیا کو ورطہ حیرت میں ڈال دیا۔



تھانہ صدر کے علاقے میں پولیس مقابلہ، 1 ڈاکو ہلاک، 2 فرار

تھانہ صدر کی حدود میں پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان ہونے والے مقابلے میں ایک خطرناک ڈاکو ہلاک ہو گیا

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) تھانہ صدر کے علاقے میں پولیس مقابلہ، ایک ڈاکو ہلاک، دو فرار۔ تفصیلات کے مطابق میاں چنوں تھانہ صدر کی حدود میں پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان ہونے والے مقابلے میں ایک خطرناک ڈاکو ہلاک، جبکہ اس کے دو ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے، ایس ایچ او تھانہ صدر شفقت سرانہ کے مطابق صبح کے وقت اطلاع موصول ہوئی کہ تین مسلح ڈاکو لال چوک کے قریب ناکہ لگا کر شہریوں کو لوٹ رہے ہیں، پولیس موقع پر پہنچی تو ڈاکوؤں نے فوراً فائرنگ شروع کر دی، جس پر پولیس نے جوابی فائرنگ کی، اس دوران ایک ڈاکو اپنے ہی ساتھیوں کی گولی سے موقع پر ہلاک ہو گیا جبکہ باقی دو فرار ہو گئے، ہلاک ڈاکو کی شناخت عاظم ولد متا لوڑی، سکنہ 28/14-ایل کے نام سے ہوئی ہے، جو تھانہ شاہ کوٹ، سٹی اور صدر میاں چنوں میں قتل، ڈکیتی اور رابری سمیت 26 سنگین مقدمات میں مطلوب تھا، ایس ایچ او کا کہنا تھا کہ جرائم پیشہ افراد کے لیے کوئی رعایت نہیں ہو گی۔

پاکستان کلمہ کی بنیاد پر قائم ہوا تاریخ اسلام شہادتوں سے بھری پڑی ہے

افواج پاکستان ملک وقوم کی شب و روز حفاظت پر مامور ہے: محمد اشرف طاہر

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) سنی علماء کونسل پنجاب کے صوبائی صدر ممتاز عالم دین مولانا محمد اشرف طاہر نے کہا پاکستان کلمہ کی بنیاد پر قائم ہوا تاریخ اسلام شہادتوں بھری پڑی ہے آج پاکستان جنگی صورت حال سے دوچار ہے اور افواج پاکستان جو ملک وقوم کی شب و روز حفاظت پر مامور ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم افواج پاکستان سے بھرپور اظہار یک جہتی کرتے ہیں۔ ہمیں سیاسی سماجی ذاتی اختلافات بھلا کر ہر محاذ پر افواج پاکستان کے ساتھ مل کر ملک وقوم کے دفاع کے لیے ایک قوم بن کر ساتھ جاری رہے گا۔ انہوں نے اللہ اکبر افواج اور پاکستان کے زندہ باد نعروں کی گونج میں کہا، جو مرنا نہیں جنتا وہ زندہ رہنا نہیں جانتا، اسلام ہمیں شہادت کا درس دیتا ہے۔ شہید کے درجات بلند ہوتے ہیں، ہم افواج پاکستان کے شان

روزنامہ ''قوت'' لاہور(7) پیر 12 مئی 2025ء

''قوت'' کلاسیفائیڈ

روزنامہ قوت

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بڑے صفحے پر ایک طرف لکھے ہوئے چیکوں کے پیچھے اور مکلوف الغاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

ہیلپ لائن 042-3636003

اعلان لاتعلقی

میں اپنے پیر ماظفر محمد جاوید ولد بشیر احمد سکنہ کلمہ چوک والدہ شائستہ بیگر سکنہ صبغی بیرم شکوہ حال لندن کو بوجہ نافرمانی قابل پھل ہیں اور میری کوئی زمینی ذمہ داری اور چیکوں کو دینے غیر اسلامی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی وجہ سے اعلان لاتعلقی کرتی ہوں آئندہ میں اس کے کسی قول وفعل یا لین دین کی ذمہ دار نہ ہوگی شناختی کارڈ نمبر 35202-1 ہیلپ لائن 03214111111 پیغام رساں 03214111111

اعلان لاتعلقی

میں نے اپنے والد محترم جاوید بشیر ولد بشیر احمد سکنہ کلمہ چوک والدہ شائستہ بیگم سکنہ صبغی بیرم شکوہ حال لندن کو بوجہ ناشائستہ حرکات کے باعث عاق کرتا ہوں اور میرے والد کے کسی بھی قسم کے قول و فعل کا ذمہ دار نہیں ہوں گا شناختی کارڈ نمبر 35202-1 ہیلپ لائن 03214111111 پیغام رساں 03214111111

اعلان لاتعلقی

میں اپنی بیوی مسماۃ شمیم اختر زوجہ محمد اسلم سکنہ کلمہ چوک والدہ شائستہ بیگم سکنہ صبغی بیرم شکوہ حال لندن کو بوجہ ناشائستہ حرکات کے باعث عاق کرتا ہوں اور میرے والد کے کسی بھی قسم کے قول و فعل کا ذمہ دار نہیں ہوں گا شناختی کارڈ نمبر 35202-1 ہیلپ لائن 03214111111 پیغام رساں 03214111111

اعلان لاتعلقی

میں اپنی بیوی مسماۃ شمیم اختر زوجہ محمد اسلم سکنہ کلمہ چوک والدہ شائستہ بیگم سکنہ صبغی بیرم شکوہ حال لندن کو بوجہ ناشائستہ حرکات کے باعث عاق کرتا ہوں اور میرے والد کے کسی بھی قسم کے قول و فعل کا ذمہ دار نہیں ہوں گا شناختی کارڈ نمبر 35202-1 ہیلپ لائن 03214111111 پیغام رساں 03214111111

042-3636003

بیقید

1

کے درمیان حالیہ کشیدگی کو ختم کرنے میں امریکا کے کلیدی کردار کا اعتراف کیا اور دونوں ممالک کے درمیان جنگ بندی پر آمادہ کیا۔ اس حوالے سے ٹرمپ نے سوشل میڈیا پر پیغام جاری کرتے ہوئے لکھا کہ ''امریکا کے مصالحتی کردار کی تعریف کی جائے تو ان کا جارحیت کے جواب میں پاکستان نے آپریشن ''بنیان مرصوص'' کے تحت 10 سے زائد بھارتی لڑاکا طیارے مار گرائے اور دونوں ممالک کے درمیان سوشل میڈیا پر پیغام جاری کرنے کے چند گھنٹے بعد ہی فائر بندی کا اعلان ہوا۔ پاکستان نے جہاں اپنے شہریوں کی شہادت پر اپنے جذبات کا اظہار کیا وہیں بھارت کو سفارتی محاذ پر بھی شکست دی۔ اس جنگ کا سفارتی محاذ پر حاصل ہونے والے ثمرات کے بارے میں ہم نے ایک تجزیہ کار اور دفاعی امور کے ماہر سے گفتگو کی۔ پیش ہے اس کا احوال۔

2

پاکستان نے بھارتی جارحیت کا جواب صرف گولی سے نہیں بلکہ سفارتی میدان میں بھی دیا۔ پاکستانی وفود نے دنیا کو بتایا کہ کس طرح بھارت نے دہشت گردی کو ریاستی پالیسی کا حصہ بنا رکھا ہے۔ انہوں نے آپریشن بنیان مرصوص کی تفصیلات دنیا کے سامنے رکھیں۔ یہ مہم اس لحاظ سے بھی اہم تھی کہ اس نے پاکستان کو ایک ذمہ دار ایٹمی طاقت کے طور پر پیش کیا، جو اپنے دفاع کے لیے ہر ممکن اقدام کرنے کا حق رکھتا ہے۔ اس مہم کے ذریعے پاکستان نے بین الاقوامی برادری کو یہ پیغام دیا کہ وہ بھارت کی جارحیت کو برداشت نہیں کرے گا اور اپنی خودمختاری کا ہر قیمت پر دفاع کرے گا

روزنامہ "قوت" لاہور (8) پیر 12 مئی 2025ء

بھارت کبھی نہیں چاہتا تھا کہ مسئلہ کشمیر کا معاملہ اٹھے، شیری رحمٰن

بھارت میں کتنی تباہی ہوئی وہ خود بھی نہیں بتائیں گے لیکن سب سامنے آ جاتا ہے، رہنما پیپلز پارٹی کی ٹی وی سے گفتگو

مسئلہ کشمیر کے حل تک پاکستان اور بھارت میں امن قائم نہیں ہو سکتا، ضیاء الدین انصاری

حقائق نہیں چھپ سکتے، بھارت نے امن کو ناگزیر نہیں سمجھا، بھارت کی ہندوتوا پالیسی ایک شکست کے بعد تبدیل نہیں ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) پیپلز پارٹی کی سینئر شیری رحمٰن نے کہا ہے کہ بھارت کبھی نہیں چاہتا تھا کہ مسئلہ کشمیر کا معاملہ اٹھے۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے شیری رحمٰن نے کہا کہ بھارت کو خود اضافی ضرور کرنی چاہیے کہ وہاں کیا تباہی ہوئی۔ شیری رحمٰن نے کہا ہے کہ بھارت میں کتنی تباہی ہوئی وہ خود بھی نہیں بتائیں گے لیکن سب سامنے آ جاتا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ بھارت نے امن کو ناگزیر نہیں سمجھا، بھارت کی ہندوتوا پالیسی ایک شکست کے بعد تبدیل نہیں ہوگی۔ پیپلز پارٹی کی رہنما نے بتایا ہے کہ بھارتی حکومت نے جو ایٹمی قوم سے وعدے کیے تھے وہ اس کے علاقے میں پھنس گئے (باقی صفحہ پر پڑھیں نمبر 47)



لاہور: چیئرمین پاکستان علما کونسل حافظ محمود اشرفی و دیگر یوم تشکر کے موقع پر ریڈیو پاکستان گفتگو کر رہے ہیں

پاک بھارت جنگ بندی کے باوجود فلائٹ شیڈول متاثر

مجموعی طور پر کراچی کی 45، لاہور کی 38 اور اسلام آباد کی 40 پروازیں منسوخ کر دی گئیں حکام

لاہور (این این آئی) پاک بھارت جنگ بندی اور فلائٹ شیڈول بحال ہونے کے باوجود ملک بھر کی 150 پروازیں منسوخ کر دی گئیں۔ ایوی ایشن ذرائع کے مطابق پاکستان بھر سے درجنوں پروازیں غیر یقینی صورتحال کا شکار ہیں۔ منسوخ ہونے والوں میں ان ہی پروازوں کی مثال ہیں، لاہور سے 3، اسلام آباد سے 2 اور ملتان سے ایک حج پرواز منسوخ ہوئی۔ حکام کا بتانا ہے کہ مجموعی طور پر کراچی کی 45، لاہور کی 38 اور اسلام آباد کی 40 پروازیں منسوخ کر دی گئیں۔ اسی طرح ملتان کی 10، پشاور کی 11 اور سکھر کی 6 منسوخ ہوئیں، جبکہ منسوخ کی گئیں پروازوں میں 138 مئین انٹوائی ہیں (باقی صفحہ پر پڑھیں نمبر 50)

سعودی عرب کی دوحہ انٹرنیشنل بک فیئر 2025 میں شرکت

دوحہ میں ہونے والی نمائش، پبلشنگ مارکیٹ کو تعاون فراہم کرنے کا ایک موقع ہے، حکام

دوحہ (این این آئی) سعودی عرب کی طرف سے لٹریچر، پبلشنگ اینڈ آڈیو وِژوئل کمیشن دوحہ میں 8 سے 17 مئی تک ہونے والے 34 ویں انٹرنیشنل بک فیئر 2025 میں شرکت کرے گا۔ عرب ٹی وی کے مطابق دوحہ میں ہونے والی نمائش، پبلشنگ مارکیٹ کو تعاون فراہم کرنے کا ایک موقع ہے، حکام کے مطابق سعودی عرب کی طرف سے 8 سے 17 مئی تک ہونے والے 34 ویں انٹرنیشنل بک فیئر 2025 میں شرکت کی جائے گی۔ عرب ٹی وی کے مطابق دوحہ میں سعودی وفد کی قیادت وزیر ثقافت شہزادہ بدر بن عبدالمحسن کریں گے جس میں معروف ادبی اور ثقافتی شخصیات و ادارے شامل ہیں (باقی صفحہ پر پڑھیں نمبر 68)

لاہور: دریبنہ دشمنی پر فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق

مقتول کے بھائی محمد نعیم کی مدعیت میں نامزد ملزمان اسد، عامر اور احمد کے خلاف مقدمہ درج

لاہور (این این آئی) مصطفیٰ آباد میں دریبنہ دشمنی پر فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا۔ ایس ایچ او تھانہ شیخوپورہ رضا کے مطابق اسد، عامر، احمد وغیرہ کی فائرنگ سے بلال مسیح جاں بحق ہوا، پولیس اور فرانزک ٹیم نے موقع سے شواہد جمع کر لیے ہیں۔ لاش تحویل میں لیکر پوسٹ مارٹم کے لیے ڈیڈ ہاؤس منتقل کر دی گئی۔ مقتول کے بھائی محمد نعیم کی مدعیت میں نامزد ملزمان اسد، عامر اور احمد (باقی صفحہ پر پڑھیں نمبر 70)



لاہور: مسلم لیگ ہاؤس میں پاک افواج کے حق میں ریلی نکالی جا رہی ہے

1500 روپے والے پرائز بانڈ رکھنے والوں کے لیے بڑی خبر آ گئی

کوئٹہ (این این آئی) 1500 روپے کے پرائز بانڈ رکھنے والے افراد کے لیے بڑی خبر آ گئی، آئندہ قرعہ اندازی کی تاریخ کا اعلان کر دیا گیا۔ پرائز بانڈ کو ڈبچ پانے پر ایک محفوظ اور کارآمد سرمایہ کاری کی طور پر سمجھا جاتا ہے کیونکہ نظام میں شفافیت یقینی بنانے کے لیے باقاعدگی سے قرعہ اندازی کی جاتی ہے۔ تین ماہ کے وقفے کے ساتھ پیشل سیونگز بانڈز قرعہ اندازی منعقد کرتا ہے اور جیتنے والے خوش نصیبوں کے نمبرز کا اعلان کیا جاتا ہے۔ یفٹنی سیونگز سینٹرز کی 2025 میں 1,500 روپے کے پرائز بانڈ کی آئندہ قرعہ اندازی کرنے جا رہا ہے اور لوگ (باقی صفحہ پر پڑھیں نمبر 67)

فیصل آباد ماموں کانجن ٹریکٹر اور موٹر سائیکل میں تصادم، خاندان جاں بحق، بیوی شدید زخمی

شدید زخمی تصیبات کے مطابق حادثہ ماموں کانجن روڈ ایکسیڈنٹ میں خاندان جاں بحق بیوی شدید زخمی ہو گئی ہے تشویشناک صورتحال کے پیش نظر سارہ بانو مقتل آصفالی منتقل کر دیا گیا ہے جبکہ 507 گ ب کی پولیس نے دیئے بیانات میں کہا کہ ٹریکٹر ڈرائیور ملزم کو گرفتار کر لیا گیا ہے جبکہ 50 سالہ طالب حسین ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) فیصل آباد کی ہدایت پر ایس ایچ او اسسٹنٹ کمشنر سٹی سب انسپکٹر محمد ریاض اور ان کی ٹیم کو مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کی سلامتی ہماری اولین ترجیح ہے، ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلا تفریق کارروائی کی جائے گی۔ ایس ایچ او سب انسپکٹر محمد ریاض اور ان کی ٹیم کو مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کی سلامتی ہماری اولین ترجیح ہے، ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلا تفریق کارروائی کی جائے گی۔ (باقی صفحہ پر پڑھیں نمبر 69)



سیز فائر سے خطے میں امن کی نئی صبح طلوع ہوئی ہے: ملک فیصل ایوب کھوکھر

مودی حکومت کی جنگی جنونیت اور سازشی عزائم کو عالمی سطح پر بری طرح بے نقاب کر دیا گیا ہے

مودی سرکار کی مکاری صرف بھارت ہی نہیں بلکہ پورے خطے کے امن کیلئے ایک خطرہ بن چکی ہے

لاہور (خبر نگار) سوشل ورکر کمیل علی فیصل ایوب کھوکھر نے ایک اہم بیان میں کہا ہے کہ حالیہ سیز فائر نے خطے میں امن کی نئی صبح کی نوید دی ہے۔ پوری قوم پاک فوج کی قربانیوں کو سلام پیش کرتی ہے جنہوں نے ہر محاذ پر مادر وطن کا دفاع بہادری سے کیا۔ ذرہ بھر لچک نہ دکھانے پر ہم اپنی افواج کو سلام پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مودی سرکار کی جنگی جنونیت اور سازشی عزائم کو عالمی سطح پر بری طرح بے نقاب کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ سیاسی مفکری قیادت نے مکمل یکجہتی کے ساتھ دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا، اور یہ قومی اتحاد ہی ہماری اصل طاقت ہے۔ ملک فیصل ایوب کھوکھر نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ وہ خطے (باقی صفحہ پر پڑھیں نمبر 53)



اسلام آباد: ٹریفک پولیس اہلکار نفرز کی مدد سے عید قانونی پارک کی گئی گاڑی کو اٹھا رہا ہے

مصر میں شوہر نے بچوں کے سامنے بیوی کو پانچویں منزل سے پھینک دیا

ملزم کا بیوی سے کسی بات پر جھگڑا ہوا تھا، پولیس نے گرفتار کر کے مزید تفتیش شروع کر دی

دبئی (این این آئی) مصر کے شمالی علاقے القلیوبیہ کے شہر الخیر الجدید میں ایک شخص نے نشے میں آ کر بچوں کے سامنے بیوی کو پانچویں منزل سے پھینک دیا جس سے وہ موقع پر ہی جاں بحق ہو گئی۔ عرب ٹی وی کے مطابق ملزم کا بیوی سے کسی بات پر جھگڑا ہوا تھا، پولیس نے گرفتار کر کے مزید تفتیش شروع کر دی ہے۔ ابتدائی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ